







# انسانی تنوّع کا خیرمقدم، وابستگی کا فروغ:

## تسمانیہ کا ملٹی کلچرل ایکشن پلان

## 2029-2025

Tasmanian Government

کمیونٹی اینڈ گورنمنٹ سروسز
ڈیپارٹمنٹ آف پریمیئر اینڈ کیبینٹ (Department of Premier and Cabinet)

Embracing Diversity, Fostering Belonging: Tasmania's Multicultural Action Plan 2025-2029_Urdu

# سب لوگوں کے لیے قابلِ رسائی

اگر آپ سن نہیں سکتے یا آپ کی سماعت ناقص ہے یا کمیونیکیشن کے حوالے سے آپ پیچیدہ ضروریات رکھتے ہیں تو 77 36 13 پر نیشنل ریلے سروس (National Relay Service) کو یا 727 555 1300 پر سپیچ ٹو سپیچ ریلے سروس (Speech-to-Speech Relay Service) کو فون کریں۔

اس پلان کے تراجم ڈیپارٹمنٹ آف پریمیئر اینڈ کیبینٹ کی ویب سائیٹ پر دستیاب ہیں۔ ٹرانسلیٹنگ اینڈ انٹرپریٹنگ سروس (Translating and Interpreting Service (TIS) National) کے ذریعے مزید خدمات بھی دستیاب ہیں: www.tisnational.gov.au
فون: 450 131

# دھرتی کا اقرار

تسمانیئن گورنمنٹ تسمانیہ کے ایبوریجنل لوگوں اور ان کے خاندانوں کو تسمانیہ کی سرزمین، سمندر اور آبی گزرگاہوں کے روایتی مالکان اور مسلسل نگہبان تسلیم کرتی ہے اور انہیں سلام پیش کرتی ہے۔ ہم ان معمّر لوگوں کو بہت احترام سے تسلیم کرتے ہیں اور ان کی قدر کرتے ہیں جنھوں نے نسل در نسل اپنا علم دوسروں تک پہنچایا، اور ہم ماضی اور حال کے ایبوریجنل بزرگوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

ایبوریجنل لوگوں نے دوسری تہذیبوں سے آنے والوں کو اپنی دھرتی پر خوش آمدید کہا ہے جہاں وہ احترام کے ساتھ داستانوں اور علم کا تبادلہ کرتے ہیں - اور وہ ایسا کرتے رہیں گے۔ نئے اور پائیدار رشتوں کو اس ملٹی کلچرل ایکشن پلان سے تقویت ملے گی۔

'کلوزنگ دی گیپ (فرق مٹانے کا) نیشنل ایگریمنٹ 2020' (National Agreement on Closing the Gap 2020) تسمانیہ میں مکمل تبدیلی کے لیے اہم عناصر کا ذکر کرتا ہے جن میں اداروں میں نسلی تعصّب، امتیازی سلوک اور غیر شعوری تعصّب کو پہچاننے اور سامنے لانے، اور مختلف خدمات، پروگراموں اور کام کے مقامات پر تہذیبی قابلیت (cultural competence) کو فروغ دینا بھی شامل ہے۔

نسلی تعصّب، امتیازی سلوک اور غیر شعوری تعصّب کا اظہار بہت سی مختلف صورتوں میں ہوتا ہے اور تسمانیہ کے ایبوریجنل لوگوں اور مختلف تہذیبی اور لسانی پس منظر رکھنے والے تسمانیئنز کو اس کا تجربہ ہوتا ہے۔ لہذا ہماری کمیونٹیوں میں ان مسائل سے نبٹنے کے طریقوں میں بھی فرق ہو گا۔

کاپی رائٹ سٹیٹ آف تسمانیہ
ISBN 978-1-925906-55-4
مارچ 2025

# مندرجات


| | |
|---|---|
| سب لوگوں کے لیے قابلِ رسائی | |
| دھرتی کا اقرار | |
| اظہارِ تشکّر | 2 |
| مخفّف الفاظ | 3 |
| منسٹر کا پیش لفظ | 4 |
| تعارف | 6 |
| **تسمانیہ کا ملٹی کلچرل ازم** | 7 |
| مختلف ادوار میں تسمانیہ کا ملٹی کلچرل ازم | 8 |
| تسمانیہ میں مختلف تہذیبی اور لسانی پس منظر رکھنے والے کونسے لوگ ہیں؟ | 11 |
| ڈیٹا اہم ہے - نتائج کو سمجھنا | 16 |
| **تسمانیہ کے لوگوں نے ہمیں کیا بتایا** | 17 |
| پلان کے لیے کس نے رہنمائی دی | 18 |
| مختلف تہذیبی اور لسانی پس منظر رکھنے والے تسمانیئنز کی ترجیحات | 19 |
| **فریم ورک** | 33 |
| فریم ورک | 34 |
| اقدامات | 37 |
| مانیٹرنگ اور نتائج کا جائزہ | 66 |
| نظم و نسق | 67 |
| اہداف کے مطابق حکمت عملی | 68 |
| اپینڈکس 1: اہم الفاظ و اصطلاحات | 71 |
| اختتامی نوٹس | 75 |



# اظہارِ تشکّر

*'انسانی تنوّع کا خیرمقدم، وابستگی کا فروغ: تسمانیہ کے ملٹی کلچرل ایکشن پلان 2025-2029 (Embracing Diversity, Fostering Belonging: Tasmania's Multicultural Action Plan 2025-2029) (پلان)'* کے تصوّر، مطلوبہ نتائج اور ترجیحات کو پوری سٹیٹ میں مشاورت سے طے کیا گیا ہے۔

تسمانیئن گورنمنٹ ان 1000 سے زیادہ مختلف تہذیبی اور لسانی پس منظر رکھنے والے تسمانیئنز کا شکریہ ادا کرتی ہے جنھوں نے اس بارے میں ہمیں قیمتی علم دینے کے لیے اپنا وقت صرف کیا کہ سب تہذیبوں کے بسنے اور برقرار رہنے کی خاطر سازگار جگہ تخلیق کرنے کے لیے تسمانیہ کی ترجیحات کیا ہونی چاہیئں۔

ہم ان سروس پرووائیڈرز کے کارکنوں کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے سب لوگوں کے لیے زیادہ قابل رسائی اور سب تہذیبوں کو شامل کرنے والی خدمات کی تشکیل کے سلسلے میں اپنا قیمتی علم ہمارے ساتھ بانٹا۔

پلان کی تشکیل تسمانیہ کی پیک باڈی Multicultural Council of Tasmania (MCOT) اور دوسری اہم تنظیموں کے بغیر ناممکن ہوتی جو یہ ہیں - Migrant Resource Centre Tasmania (MRC Tas)، Welcome Cultural Services (WCS)، Culturally Diverse Alliance Tasmania (CDAT) اور Citizen Tasmania۔

ہم ملٹی کلچرل ایکشن پلان ورکنگ گروپ کے ذریعے پلان کی تشکیل میں ان تنظیموں کی خصوصی مہارت سے استفادہ کر پانے پر شکرگزار ہیں۔

تسمانیئن گورنمنٹ پلان کے لیے تصویریں مہیا کرنے پر Brand Tasmania اور فوٹوگرافرز Jess Oakenfull، Fred + Hannah، Lisa Kuilenburg، Inside The Frame (Moss Geordi Halliday-Hall)، Sam Shelley اور Studio Hubert کے وقت دینے اور فراخدلی کا بھی شکریہ ادا کرتی ہے۔

ہم پلان کے متعلق آراء کا خیرمقدم کرتے ہیں:
ای میل: multicultural@dpac.tas.gov.au

# مخفّف الفاظ

**ABS** – آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس (Australian Bureau of Statistics)

**AHRC** – آسٹریلیا میں انسانی حقوق کا کمیشن (Australian Human Rights Commission)

**AIHW** – آسٹریلین انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ اینڈ ویلفیئر (Australian Institute of Health and Welfare)

**CDAT** – کلچرلی ڈائیورس الائنس آف تسمانیہ (Culturally Diverse Alliance of Tasmania)

**DECYP** – ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن، چلڈرن اینڈ ینگ پیپل، تسمانیئن گورنمنٹ
(Department for Education, Children and Young People, Tasmanian Government)

**DoH** – ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ، تسمانیئن گورنمنٹ (Department of Health, Tasmanian) Government

**DoJ** – ڈیپارٹمنٹ آف جسٹس، تسمانیئن گورنمنٹ (Department of Justice, Tasmanian Government )

**DPAC** – ڈیپارٹمنٹ آف پریمیئر اینڈ کیبینٹ، تسمانیئن گورنمنٹ
(Department of Premier and Cabinet, Tasmanian Government)

**DPFEM** – ڈیپارٹمنٹ آف پولیس، فائر اینڈ ایمرجنسی مینیجمنٹ، تسمانیئن گورنمنٹ
(Department of Police, Fire and Emergency Management, Tasmanian Government)

**DSG** – ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ گروتھ، تسمانیئن گورنمنٹ
(Department of State Growth, Tasmanian Government)

**EAL** – انگلش بطور اضافی زبان (English as an Additional Language)

**Homes Tas** – ہومز تسمانیہ، تسمانیئن گورنمنٹ (Homes Tasmania, Tasmanian Government)

**LGAT** – لوکل گورنمنٹ ایسوسی ایشن تسمانیہ (Local Government Association Tasmania)

**MCOT** – ملٹی کلچرل کاؤنسل آف تسمانیہ (Multicultural Council of Tasmania)

**MRC Tas** – مائیگرینٹ ریسورس سنٹر تسمانیہ (Migrant Resource Centre Tasmania)

**NAATI** – نیشنل ایکریڈیٹیشن اتھارٹی فار ٹرانسلیٹرز اینڈ انٹرپریٹرز
(National Accreditation Authority for Translators and Interpreters)

**NRE Tas** – ڈیپارٹمنٹ آف نیچرل ریسورسز اینڈ انوائرنمنٹ، تسمانیئن گورنمنٹ
(Department of Natural Resources and Environment, Tasmanian Government)

**OADC** – امتیازی سلوک کے خلاف کمیشنر کا دفتر، تسمانیہ
(Office of the Anti-Discrimination Commissioner Tasmania)

**SSMO** – سٹیٹ سروس مینیجمنٹ آفس، تسمانیئن گورنمنٹ
(State Service Management Office, Tasmanian Government)

**TEC** – تسمانیئن الیکٹورل کمیشن، تسمانیئن گورنمنٹ
(Tasmanian Electoral Commission, Tasmanian Government)

**TFS** – تسمانیہ فائر سروس (Tasmania Fire Service)

**TSS** – تسمانیئن سٹیٹ سروس (Tasmanian State Service)

**WCS** – ویلکم کلچرل سروسز (Welcome Cultural Services)



# منسٹر کا پیش لفظ

**منسٹر فار کمیونٹی سروسز کی حیثیت سے میں فخر سے پیش کرتا ہوں *انسانی تنوّع کا خیرمقدم، وابستگی کا فروغ: تسمانیہ کا ملٹی کلچرل ایکشن پلان۔***

یہ پلان ایک ہم آہنگ، سب کو شامل رکھنے والا اور سب کا احترام کرنے والا ملٹی کلچرل جزیرہ بنانے کے عزم کا عکاس ہے جہاں تسمانیہ کے سب لوگ وابستگی محسوس کریں، اپنا کردار ادا کریں اور کامیاب و کامران رہیں۔

تسمانیہ کی بھرپور تہذیبی تاریخ پورے کرہ ارض سے آنے والے افراد اور کمیونٹیوں کی خدمات کی بنیاد پر استوار ہے، اور ہماری تسمانیئن کمیونٹیوں میں تہذیبی اور لسانی تنوّع بڑھ رہا ہے۔

2021 کی مردم شماری کے وقت تسمانیہ کے رہنے والوں میں سے 15.3 فیصد کی پیدائش سمندر پار ہوئی تھی یعنی کُل 85,674 افراد۔ یہ 2016 کی تعداد میں 12 فیصد کا اضافہ ہے اور ان میں سے زیادہ تر لوگ انگلینڈ، چین، نیپال، بھارت اور نیوزی لینڈ میں پیدا ہوئے تھے۔

2021 سے اب تک ہیومینیٹیرین سیٹلمنٹ پروگرام کے ذریعے تسمانیہ میں آنے والے بیشتر خاندان اور افراد جنوبی و وسطی ایشیا، صحارا کے جنوب میں واقع افریقی ممالک اور مشرق وسطی سے آئے ہیں۔

پلان یہ یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات واضح کرتا ہے کہ تسمانیہ کے سب باشندے محفوظ محسوس کریں، اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تقویت حاصل کریں اور انہیں وابستگی کا احساس ہو۔ اس میں ان اہم معاملات پر خاص توجہ دی گئی ہے جنہیں تسمانیہ کے لوگوں نے اپنے لیے اہم ترین معاملات قرار دیا اور ان میں نسلی تعصّب سے نبٹنا اور سماجی یگانگت بڑھانا، سماجی، شہری، تعلیمی اور معاشی شرکت کی حوصلہ افزائی کرنا بھی شامل ہے تاکہ تسمانیہ کے سب لوگوں کو اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لانے کا موقع ملے اور یہ یقینی ہو کہ کمیونٹی کی ضروریات سمجھی جاتی ہیں اور سب تہذیبوں کو شامل رکھنے والی اور سب کے لیے قابلِ رسائی خدمات کے ذریعے پوری کی جاتی ہیں۔

تسمانیئن گورنمنٹ نے تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کی ضروریات میں مدد دینے کی خاطر اگلے دو سالوں کے لیے 2 ملین ڈالرز کی سرمایہ کاری کی ہے۔ اس عرصے میں پلان کے اقدامات سے موازنہ کرتے ہوئے پلان پر عبوری نظرثانی کی جائے گی جس میں ایک نیا کمیونٹی کے افراد پر مشتمل ایڈوائزری گروپ شریک ہو گا تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ پلان ہمارے حالات کے لیے موزوں رہے اور ہمیں ان نتائج کو حاصل کرنے کے لیے مستقبل کے فوکس ایریاز (خصوصی توجہ طلب معاملات) کے متعلق رہنمائی ملے۔

میں کمیونٹی میں ان تمام افراد اور گروہوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس پلان کی تشکیل کے لیے ہمیں اپنے علم، داستانوں اور خیالات میں شریک کیا۔ آپ کی آوازیں اس سلسلے میں نہایت اہم ہیں کہ یہ پلان ہمارے حالات کے لیے موزوں رہے اور کامیاب رہے۔

میں ہمارے مخلص اور محنتی کمیونٹی سیکٹر کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں جن میں Multicultural Council of Tasmania (MCOT)، Migrant Resource Centre Tasmania (MRC Tas)، Welcome Cultural of Services (WCS)، Culturally Diverse Alliance of Tasmania (CDAT) اور Citizen Tasmania بھی شامل ہیں کیونکہ انہوں نے پلان میں رہنمائی کے لیے کمیونٹی سے مشاورت کا کام سنبھالا اور میں پلان کی تشکیل میں ان کی مسلسل دلچسپی اور تعاون کے لیے بھی ممنون ہوں۔

ہم سب کو تسمانیہ کے بھرپور تہذیبی تنوّع پر فخر اور خوشی ہے اور ہم ایک ایسی سٹیٹ بنانے کی طرف گامزن رہیں گے جہاں ہر انسان وابستگی محسوس کرے۔

**محترم Roger Jaensch ممبر پارلیمنٹ**
**منسٹر فار کمیونٹی سروسز**



# تعارف

تسمانیہ میں ہمیشہ بہت سی مختلف تہذیبیں اور زبانیں رہی ہیں۔

*انسانی تنوّع کا خیرمقدم، وابستگی کا فروغ: تسمانیہ کے ملٹی کلچرل ایکشن پلان 2025 - 2029* کا مقصد، آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس کی تعریف کے مطابق تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئن باشندوں کی ضروریات پوری کرنا ہے۔

**تہذیبی اور لسانی لحاظ تنوّع (مختلف ہونا)**

**"وہ گروہ اور افراد جو مذہب، زبان اور نسل کے لحاظ سے مختلف ہوں اور جن کا نسب (آباؤاجداد) ایبوریجنل یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر، اینگلوسیکسن یا اینگلوکیلٹک نہ ہو۔"**

*(آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس، 2016 کی مردم شماری)*

ABS کی اس تعریف میں تسمانیہ کے وہ باشندے بھی شامل ہیں جو آسٹریلیا میں پیدا ہوئے تھے اور وہ تسمانیئنز بھی جو ہجرت کر کے ہمارے جزیرے میں آباد ہوئے ہیں۔

پلان کا مقصد ان چیلنجوں اور قابلِ تشویش حالات سے نبٹنا ہے جو تسمانیہ کے باشندوں کے تجربات اور زندگی میں کامیابی کو ان کی نسل اور تہذیب، گھر میں بولی جانے والی ترجیحی زبانوں یا آبادکاری کی صورتحال کے سبب متاثر کرتے ہیں۔

یہ ملٹی کلچرل ازم اور نسلی تعصّب سے نبٹنے کے لیے آسٹریلین گورنمنٹ کی ترجیحات سے بھی ہم آہنگ ہے جن کا مقصد متحّد اور باہم وابستہ معاشرے کا فروغ ہے۔

پلان کے لیے رہنمائی کی غرض سے کی جانے والی مشاورتوں میں 1,000 سے زیادہ تہذیبی و لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئن باشندوں نے حصہ لیا۔

انہوں نے وضاحت سے کہا کہ پلان کو ان نظاموں اور رویّوں سے نبٹنا چاہیے جو ابھی تسمانیہ میں کام کے مقامات، تعلیم اور کمیونٹیوں میں لوگوں کے سوچنے، طرزعمل اور طریق کار کے پیچھے کارفرما ہیں۔

مشاورت سے یہ سامنے آیا:

- تسمانیہ کو اپنی پالیسیوں، پروگراموں اور خدمات کو ایک کلچرل لینس سے دیکھنے کی ضرورت ہے؛ اور
- کمیونٹیوں، تعلیمی اداروں اور کام کے اداروں کو یہ سمجھنے کی ضرورت ہے کہ غیر شعوری تعصّب اور نسلی تعصّب کیا ہوتا ہے اور یہ تہذیبی و لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کو کیسے متاثر کرتا ہے، اور انہیں سمجھنا ہو گا کہ سب تہذیبوں کے لیے محفوظ اور سب کو شامل رکھنے والا جزیرہ کیسے تخلیق کیا جا سکتا ہے۔

صرف اسی صورت میں تمام تسمانیئنز کو محسوس ہو گا کہ ان کی شخصیت اور ان کے وجود کو پوری طرح سمجھا جاتا ہے اور قبول کیا جاتا ہے انہیں وابستگی کا احساس ہو گا اور یہ اعتماد ہو گا کہ وہ ہماری جزیرہ سٹیٹ میں پھل پھول سکتے ہیں۔

*انسانی تنوّع کا خیرمقدم، وابستگی کا فروغ: تسمانیہ کا ملٹی کلچرل ایکشن پلان 2025 - 2029 ہمارا ملٹی کلچرل جزیرہ: تسمانیہ کی ملٹی کلچرل پالیسی اور ایکشن پلان 2021-2023 (Our Multicultural Island: Tasmania's Multicultural Policy and Action Plan 2021-2023)* پر فوقیت رکھتا ہے۔

پلان کے اپینڈکس 1 میں اصطلاحات کا سیٹ دیا گیا ہے تاکہ سب پڑھنے والے ایک ہی معنی اخذ کریں۔ تاہم اس سلسلے میں ابھی کام کرنا باقی ہے کہ ہم تہذیبی اور لسانی تنوّع کے حوالے سے لوگوں، خیالات اور طرزعمل کے متعلق بات کرنے کے طریقے پر متفق ہوں۔ پلان پر عملدرآمد کے سلسلے میں الفاظ و اصطلاحات کے متعلق کمیونٹی سے بات چیت کی جائے گی۔

# تسمانیہ کا ملٹی کلچرل ازم

- مختلف ادوار میں تسمانیہ کا ملٹی کلچرل ازم
- تسمانیہ میں مختلف تہذیبی اور لسانی پس منظر رکھنے والے کونسے لوگ ہیں
- ڈیٹا اہم ہے: نتائج کو سمجھنا



William Cuffay۔ 1788 تا 1870۔
*Cuffay کے والد St Kitts کے ایک افریقی کیریبیئن غلام تھے جو آزادی ملنے کے بعد برطانیہ میں آباد ہو گئے۔ Cuffay کو 1848 میں تسمانیہ لایا گیا اور 1857 میں انہیں مشروط معافی ملی۔ انہوں نے آسٹریلیا میں محنت کشوں کے حقوق اور جمہوری اصلاحات کی مہم میں اہم کردار ادا کیا۔*

*William Paul Dowling، پبلک ڈومین، Wikimedia Commons سے*



# مختلف ادوار میں تسمانیہ کا ملٹی کلچرل ازم

آسٹریلیا کی تاریخ کو ڈھالنے میں بہت سی تہذیبیں، زبانیں اور عقائد شامل رہے ہیں۔ اس تنوّع نے ہمارے معاشرے کو آزمایا بھی ہے اور ڈھالا بھی ہے۔
*آسٹریلین گورنمنٹ، 2024، انصاف کی طرف گامزن: سب کے لیے ایک ملٹی کلچرل آسٹریلیا (Towards Fairness: a multicultural Australia for all)*

تسمانیہ کے اصل قدیمی باشندے Palawa/Pakana ہیں جو یہاں کم از کم 40,000 سال سے مسلسل آباد ہیں۔ علم، کام اور سانجھی زندگی کے حوالے سے ان نو اقوام کے اپنے اپنے طریقے ہیں اور یہ مضبوط سماجی و روحانی روایات کے ساتھ خود کو جزیرہ تسمانیہ کے ماحولوں کے مطابق ڈھالتی ہیں۔

1803 میں برطانیہ کی کالونی (نوآبادی) بننے کے بعد سے تسمانیہ کا تہذیبی اور لسانی منظر بدل گیا کیونکہ یہاں برطانوی اور آئرش تہذیبیں اور زبانیں عام ہو گئیں۔

نوآبادیاتی دور کے دوران اور اس کے بعد بھی تسمانیہ میں آبادکاروں کی آمد کے ادوار آئے۔ تمام انیسویں صدی میں اور بیسویں صدی کی ابتدا میں چین، جرمنی، سکینڈے نیویا، یونانی جزائر اور اٹلی سے تارکین وطن یہاں آتے رہے، اور جنگ عظیم دوم کے بعد بیشتر آنے والے یورپی اور ایشیائی تارکین وطن تھے۔ موجودہ زمانے میں دنیا بھر سے آنے والے پناہ گزین، پناہ کے درخواست گزار، طالبعلم اور ہنرمند تارکین وطن تسمانیہ کو اپنا وطن بنا چکے ہیں۔

آج تسمانیہ کی آبادی تہذیبی اور لسانی لحاظ سے متنوّع ہے جس میں یہاں لمبے عرصے سے آباد لوگ بھی شامل ہیں اور نئے تارکین وطن اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آنے والے بھی ہیں جو آسٹریلیا کے شہری، مستقل رہائشی یا عارضی رہائشی ہیں۔

## تسمانیہ کا ملٹی کلچرل ازم کیسے ابھرا

### نوآبادیاتی دور سے پہلے اور ابتدائی نوآبادیاتی دور

Palawa/Pakana لوگ تسمانیہ کی اصل قدیم آبادی ہیں اور اب بھی اس دھرتی کے نگہبان ہیں۔

سنہ 1803 میں تسمانیہ کو برطانیہ کے سزایافتہ مجرموں کی کالونی بنایا گیا۔ یہاں آنے والے مجرم بنیادی طور پر انگلینڈ، آئرلینڈ اور سکاٹ لینڈ کے تھے۔ کچھ مجرموں کا تہذیبی اور لسانی پس منظر مختلف تھا جیسے William Cuffay (صفحہ 8 دیکھیں)۔

### انیسویں صدی اور بیسویں صدی کا آغاز: ابتدائی تارکین وطن کی آمد جو برطانوی نہیں تھے

آسٹریلیا میں سونے کے ذخائر کی دریافت (1850 کی دہائی سے لے کر 1870 کی دہائی تک) بہت سے چینی کان کنوں کو کھینچ لائی۔

انیسویں صدی: جرمنی اور سکینڈے نیویا کے لوگ تسمانیہ آ کر آباد ہوئے۔

اٹلی اور یونان کے لوگ کم تعداد میں آئے جو بالعموم ماہی گیر اور کسان تھے۔

### جنگ عظیم دوم کے بعد امیگریشن میں اضافہ (1945 - 1970 کی دہائی)

جنگ سے متاثرہ یورپ کے بے خانماں افراد جن میں پولش، ڈچ، جرمن اور بالٹک تارکین وطن شامل ہیں۔

وسطی یورپ اور مشرقی یورپ سے آنے والے ہائیڈرو الیکٹرک سکیم کے کارکن۔

### بیسویں صدی کے اواخر سے لے کر زمانۂ حال تک: تسمانیہ کا ماڈرن ملٹی کلچرل ازم

ویتنام کی جنگ (1975 - 1955) - تسمانیہ میں ویتنامی پناہ گزینوں کی آبادکاری۔

بھارت، نیپال، چین، ملایشیا، فلپائن اور افریقی ممالک سے مائیگریشن میں اضافہ۔

جنگ کی وجہ سے سوڈان، افغانستان، شام اور میانمار سے نکلنے والے پناہ گزین۔

دنیا بھر سے طالبعلموں، ہنرمند افراد اور موسمی پیشوں میں کام کرنے والوں کی مائیگریشن۔



# تسمانیہ میں مختلف تہذیبی اور لسانی پس منظر رکھنے والے کونسے لوگ ہیں؟

تسمانیہ میں مختلف تہذیبی اور لسانی پس منظر رکھنے والے لوگ مسلسل بڑھ رہے ہیں۔

## نسبی پس منظر

**2021 میں تسمانیہ میں**

**121**

ایسے نسبی پس منظروں (ancestries) کے لوگ تھے جو اینگلوسیکسن/کیلٹک یا ایبوریجنل نہیں تھے۔[1]

### 10 عام ترین نسبی پس منظر – تسمانیہ کی آبادی 2021[2]

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جرمن: 19,878 | چینی: 12,331 | ڈچ: 11,838 | اٹالین: 8,460 | نیپالی: 6,715 |
| بھارتی: 5,859 | پولش: 4,130 | فلپائنی: 3,389 | یونانی: 2,602 | فرانسیسی: 2,284 |

### نئی شناختیں 2016 سے[3]

سکھ

ہزارہ

نائجیرین

### 2016 سے ان شناختوں میں سب سے زیادہ اضافہ ہوا ہے[4]

- نیپالی (5,636+)
- چینی (5,191+)
- بھارتی (2,953+)
- ڈچ (1,555+)
- جرمن (1,487+)
- پنجابی (1,255+)
- فلپائنی (1,216+)
- اٹالین (1,102+)
- برصغیر پاک و ہند کے دیگر علاقوں سے (1,039+)
- پاکستانی (1,027+)

# مائیگریشن

## 2021 میں تسمانیہ کے

## ہر 5 افراد میں سے 1

(85,500 سے زیادہ) کی پیدائش سمندر پار ہوئی تھی۔ یہ 2016 کی تعداد سے 25,000 زیادہ تسمانیئنز ہیں۔[4]

**وہ 10 ممالک** جوسمندرپار پیدا ہونے والے زیادہ تسمانیئنز کی جائے پیدائش ہیں[5]

- **چین:** 6,380
- **نیپال:** 6,219
- **بھارت:** 6,137
- **فلپائن:** 2,441
- **ہالینڈ:** 2,136
- **جنوبی افریقہ:** 2,089
- **جرمنی:** 2,087
- **ریاستہائے متحدہ امریکا:** 2,056
- **پاکستان:** 1,469
- **ملایشیا:** 1,443

**تسمانیہ کی وہ لوکل کاؤنسلز** جہاں سمندرپار پیدا ہونے والے زیادہ تسمانیئنز بستے ہیں[6]

- **City of :Hobart** 15,747
- **City of Launceston:** 11,314
- **Glenorchy :City** 10,904
- **City of Clarence:** 8,757
- **Kingborough:** 8,508
- **West :Tamar** 3,873
- **Devonport :City** 2,937
- **Huon :Valley** 2,734
- **Meander :Valley** 2,434
- **Central :Coast** 2,159

# مائیگریشن

## 2021 میں تسمانیہ کے رہائشی افراد میں سے **55,233** ویزوں پر یہاں تھے۔[7]

**تسمانیہ کے رہائشی ویزے کے حامل افراد**[7]

**29,000** سے زیادہ تسمانیئن رہائشیوں کے پاس مستقل ویزے تھے، جن میں سے **3,800** سے زیادہ افراد کے پاس ہیومینیٹیرین ویزے تھے، اور **26,000** کے پاس عارضی ویزے تھے جیسے سٹوڈنٹ ویزا اور ورکنگ ہالی ڈے میکر ویزا۔

2016 سے **مستقل ویزوں کی** سٹریم میں سب سے زیادہ اضافے ان ویزوں میں ہوئے ہیں[8]

ہنرمند افراد = **154** فیصد

فیملی = **47** فیصد

2016 سے 2021 تک **عارضی ویزوں** کی سٹریم میں سب سے بڑی تبدیلیاں[9]

سٹوڈنٹ ویزے = **+6** فیصد

ہنرمند ویزے = **-27** فیصد

ورکنگ ہالی ڈے میکر ویزے = **-28** فیصد

تسمانیہ میں **انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آنے والے**[10]


2024 میں **293** افراد ہیومینیٹیرین (انسانی ہمدردی کے) ویزوں پر تسمانیہ میں آباد ہونے کے لیے آئے۔

یہ لوگ **افغانستان، ایران، ایتھیوپیا، اریٹیریا، سوڈان، ساؤتھ سوڈان، دی ڈیموکریٹک ریپبلک آف دی کانگو، کینیا، میانمار، پاکستان، شام** اور **یمن** سے آئے۔


# گھر میں بولی جانے والی زبانیں

**2021 میں تسمانیہ کی آبادی میں تقریباً** **ہر 10 افراد میں سے 1** (یعنی 48,500 افراد سے زیادہ) گھر میں انگلش کے علاوہ کوئی اور زبان بولتا تھا۔ یہ 2016 کی تعداد سے 21,000 افراد زیادہ ہیں۔[11]

2021 میں تسمانیہ میں گھر میں بولی جانے والی **10 عام ترین زبانیں**[12]




**وہ تسمانیئن لوکل کاؤنسلز** جہاں 2021 میں انگلش کے علاوہ دوسری زبانیں بولنے والوں کی تعداد سب سے زیادہ تھی[13]




کتنے تسمانیئنز کو **زبان کے لیے خدمات** کی ضرورت ہوتی ہے؟[14]

2021 میں **5,000** سے زیادہ (1 فیصد کے قریب) تسمانیئنز نے بتایا کہ وہ اچھی انگلش نہیں بول سکتے یا بالکل انگلش نہیں بولتے۔ یہ تسمانیہ میں 2016 کی تعداد سے **750** افراد زیادہ ہیں۔

# مذہب

## 2021 میں ہر 5 میں سے 2

(242,087) تسمانیئنز نے کسی مذہب سے اپنا تعلق بتایا۔ یہ 2016 کی تعداد سے 26,579 افراد کم ہیں۔[15]

2021 میں تسمانیہ میں **زیادہ عام** مذاہب یہ تھے[15]

- **اینگلیکن:** 80,380
- **ویسٹرن (رومن) کیتھولک:** 70,973
- **یونائیٹنگ چرچ:** 14,447
- **عیسائیت، بلا فرقہ*:** 13,986
- **ہندومت:** 9,724
- **پریسبیٹیرین/ ریفارمڈ:** 8,240
- **بیپٹسٹ:** 6,518
- **بدھ مت:** 5,605
- **اسلام:** 4,947
- **پینٹی کوسٹل:** 4,804

*مزید وضاحت نہیں کی۔

2016 سے 2021 تک تسمانیہ میں **زیادہ تیزی سے بڑھنے والے مذاہب**[15]

**ہندومت** (+7,170 افراد)

**اسلام** (+2,449 افراد)

**بدھ مت** (+1,556 افراد)

2016 سے 2021 تک تسمانیہ میں **زیادہ تیزی سے کم ہونے والے مذاہب**[15]

**اینگلیکن** (-23,459 افراد)

**ویسٹرن رومن کیتھولک** (-8,444 افراد)

**یونائیٹنگ چرچ** (-4,894 افراد)

اس پلان میں شامل تازہ ترین ڈیٹا بالعموم 2021 کی مردم شماری کے ڈیٹا سے لیا گیا ہے۔ اگلی مردم شماری 2026 میں ہو گی جس سے پتہ چلے گا کہ اس پلان سے پہلے کے پانچ سالوں میں تسمانیہ میں انسانی تنوّع کیسے بدلا ہے۔

# ڈیٹا اہم ہے - نتائج کو سمجھنا

پلان میں خاص توجہ اس پر ہے کہ ہم مندرجہ ذیل وجوہ سے چیلنجوں کا سامنا کرنے والے تسمانیئنز کے لیے بہتر نتائج میں کیسے مدد دے سکتے ہیں:

- نسل (ایتھنیسٹی) یا تہذیب؛
- انگلش زبان میں استعداد (جبکہ انگلش ان کی اوّلین زبان نہ ہو)؛ یا
- سیٹلمنٹ کے حوالے سے حیثیت، اگر وہ آسٹریلیا کے شہری نہ ہوں تو۔

مخصوص تہذیبی اور لسانی پس منظر رکھنے والے تسمانیئنز کو پیش سماجی، معاشی اور صحت کی مجبوریوں کو سمجھنا، اور خدمات کے استعمال میں انہیں درپیش رکاوٹوں کا بھی احساس کرنا، منصفانہ خدمات کی منصوبہ بندی اور تشکیل کے لیے نہایت اہم ہے۔

تسمانیہ کے سبھی لوگوں کی طرح، ہمارے رہائشی حالات، آمدن، تعلیم کی سطح اور معاشی حالات، جینیٹک اثرات، ہمیں حاصل سماجی مدد اور رشتہ دار اور دوست، سبھی سے ہماری خدمات تک رسائی، ہمارے تجربات اور ہمارے نتائج پر اثر پڑ سکتا ہے۔[16]

عالمی لحاظ سے دیکھیں تو ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ بعض نسبی گروہوں (اینسسٹریز) میں کچھ بیماریاں زیادہ عام ہیں۔ آسٹریلیا کے سلسلے میں ہم جانتے ہیں کہ نسل، آبادکاری کے تجربات اور انگلش زبان کی استعداد سے بعض کمیونٹیوں کے لیے صحت کے خطرات اور بیماری کے متعلق پیشگی معلوم ہو سکتا ہے۔[17]

ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کو نظاموں میں ایسی اضافی رکاوٹیں پیش آنے کا زیادہ امکان ہوتا ہے جو اچھے نتائج میں حارج ہوں۔ پورے سسٹم کو پیش چیلنجز، جیسے غیر شعوری تعصّب اور نسلی تعصّب:

- پروگراموں اور خدمات سے استفادہ کرنے کو اور بھی مشکل بنا سکتے ہیں
- تسمانیئنز میں اپنی ذات کی قدر، ذہنی صحت، زندگی میں انتخابوں اور نتائج پر برا اثر ڈال سکتے ہیں
- نسل در نسل موجود ٹراما (زیادتیوں پر صدمہ) اور ذاتی تجربات اور واقعات سے جِھڑ جانے والے ٹراما میں اضافہ کر سکتے ہیں۔[18]

تاہم ہم ان حالات کو نہیں سمجھ سکتے جن پر ہم نظر نہ رکھ رہے ہوں۔[19] تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کے لیے خطرات، تجربات اور نتائج کو سمجھنا اس لیے مشکل ہے کہ سٹیٹ اور پورے ملک کی سطح پر موجودہ مانیٹرنگ سسٹمز نسل یا تہذیب، زبان کے استعمال اور استعداد، یا سیٹلمنٹ کے حوالے سے حیثیت کے متعلق تفصیلات کو مسلسل ریکارڈ نہیں کرتے۔ [20]

2024 کی سماجی یگانگت کی جائزہ رپورٹ (Mapping Social Cohesion Report) میں جواب دینے والوں میں سے صرف 47 فیصد کو اپنے معاشرے میں زیادہ وابستگی محسوس ہوتی تھی۔ اس کی اہم ترین وجوہ یہ تھیں- نسلی تعصّب، اور پالیسیوں اور خدمات میں اس کی موجودگی کا ناکافی احساس - اور اس کا ڈیٹا میں نظر نہ آنا-[21]

# تسمانیہ کے لوگوں نے ہمیں کیا بتایا

- پلان کے لیے کس نے رہنمائی دی
- مختلف تہذیبی اور لسانی پس منظر رکھنے والے تسمانیئنز کی ترجیحات



# پلان کے لیے کس نے رہنمائی دی

## تسمانیہ کے لوگوں نے

**1,000** سے زیادہ تسمانیئنز کمیونٹی کنسلٹیشنز (عوامی مشاورت) میں شریک ہوئے:

**950**

MRC Tas، MCOT اور WCS کے ذریعے شریک ہونے والے افراد

**150**

CDAT اور سٹیزن تسمانیہ کے ذریعے شریک ہونے والے افراد

**6**

سروس پرووائیڈرز نے روزگار، ہاؤسنگ اور نظامِ صحت وغیرہ کے حالات بتائے۔

کنسلٹیشنز انجام دینے کے طریقے یہ تھے:

- آن لائن سروے
- تبادلۂ خیالات
- ورکشاپس

شریک ہونے والے لوگ کون تھے؟

- کنسلٹیشنز میں حواب دینے والے لوگوں میں **25-44** **عمر کے لوگ سب سے زیادہ تھے۔**
- حواب دینے والوں میں سے **تین حوتھائی** سے ذرا کم سٹیٹ کے جنوبی حصوں میں رہتے تھے۔
- حواب دینے والوں میں سے **70 فیصد** کے قریب انگلش کے علاوہ ایک اور زبان بھی بولتے تھے اور سب سے زیادہ تعداد نیپالی بولنے والوں کی تھی۔
- حواب دینے والوں میں سے **30 فیصد** سے ذرا کم ہنرمند مائیگرینٹ ورکرز تھے جن میں سے نصف کو یہاں آئے دو سے پانچ سال تک کا عرصہ گزرا تھا۔
- حواب دینے والوں میں سے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آنے والے **80 فیصد** سے زیادہ افراد پناہ گزینوں کے طور پر آئے تھے۔

## نظم و نسق

جنوری 2024 سے ایکشن پلان کے لیے ایک ورکنگ گروپ رہنمائی کر رہا ہے جس میں مندرجہ ذیل کے نمائندے شامل ہیں:

- ملٹی کلچرل کاؤنسل آف تسمانیہ
- مائیگرینٹ ریسورس سنٹر تسمانیہ
- ویلکم کلچرل سروسز
- کلچرلی ڈائیورس الائنس آف تسمانیہ
- سٹیزن تسمانیہ

# مختلف تہذیبی اور لسانی پس منظر رکھنے والے تسمانیئنز کی ترجیحات

## اہم نقاط

تسمانیہ کے لوگوں نے سب کو شامل کرنے والی جزیرہ سٹیٹ بنانے کے لیے اپنی ترجیحات وضاحت سے بتائیں۔

### ہمارے متعلق کچھ بھی ہمارے بغیر نہیں ہوگا

تسمانئین گورنمنٹ کے ملٹی کلچرل پورٹ فولیو کے نظم و نسق میں تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف کمیونٹیوں کے نمائندے شامل ہونے چاہیئں۔ پارلیمنٹ کو ملٹی کلچرل امور پر زیادہ توجہ دینی چاہیے، جس میں تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کو بالخصوص مرکزِ نگاہ رکھا جائے، اور پالیسیوں، پروگراموں اور خدمات کے ڈیزائن اور فراہمی کو ان کی ضروریات کے لیے موزوں بنایا جائے۔

### وابستگی کے لیے ضروری ہے کہ ہم محفوظ محسوس کرتے ہوں

نسلی تعصّب اور امتیازی سلوک کو پہچاننا اور تعلیم اور روزگار کے شعبوں اور کمیونٹیوں میں اس سے مؤثر طور پر نبٹنا ضروری ہے۔ اس سے تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کی زندگی بہتر ہو گی، وہ محفوظ اور مطمئن محسوس کریں گے اور ان میں اپنی قدر اور وابستگی کا احساس بڑھے گا۔

### ہم شریک ہونا چاہتے ہیں اور وابستگی محسوس کرنا چاہتے ہیں

آسانی سے مل سکنے والی زبان کی خدمات اور سب تہذیبوں کو شامل کرنے والے تعلیمی ادارے، کام کے مقامات، شعبۂ صحت، ذہنی صحت کی خدمات اور سماجی خدمات اس سلسلے میں عین لازمی ہیں کہ تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز تسمانیہ کی زندگی میں شریک ہوں۔

### نمونے کے بغیر ہم ویسے نہیں بن سکتے

تسمانیہ کے معاشرے کے مختلف پہلوؤں میں تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کی نمائندگی محدود ہے جیسے لیڈرشپ پوزیشنز، میڈیا اور گورنمنٹ سروسز میں۔ اس سے الگ رکھے جانے اور مارجنلائزیشن (نظرانداز ہونے والا کمزور طبقہ ہونا) کے جذبات پیدا ہو سکتے ہیں۔





## کمیونٹیوں کی اہم ترین ترجیحات

کمیونٹیوں نے ہمیں ان پانچ اہم ایکشن ایریاز کو ترجیح دینے کے لیے کہا:




کمیونٹیوں کی اہم ترین ترجیحات

## کمیونٹی کی رہنمائی میں فیصلے اور اقدامات



### ہم نے کیا سنا

- تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز اپنی زندگیوں کو متاثر کرنے والے معاملات پر بات چیت اور فیصلوں میں شریک ہونا چاہتے ہیں۔
- تسمانیئنز سمجھنا چاہتے ہیں کہ وہ فیصلہ سازوں کے ساتھ بحفاظت بات چیت کیسے کر سکتے ہیں اور اپنا مؤقف کیسے سمجھا سکتے ہیں۔
- تسمانیہ کے ایبوریجنل لوگوں کے تجربات اور ضروریات کو فوقیت دینے کی ضرورت کو بڑے احترام سے تسلیم کرتے ہوئے، تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ فیصلہ ساز پورے سسٹمز میں موجود رکاوٹوں، جیسے نسلی تعصّب اور امتیازی سلوک، کے تسمانیئنز کے تجربات اور نتائج پر اثرات کو سمجھیں۔

### اہم ترین ترجیحات میں یہ شامل ہیں:

- **ملٹی کلچرل امور پر منسٹر کی واضح توجہ:** یا تو خاص منسٹر مقرر کیا جائے یا کمیونٹی کے افراد پر مشتمل ایڈوائزری گروپ کے ذریعے۔
- **ہمارے مطلب کی مشترکہ فہم:** ہم کمیونٹیوں کے بارے میں کیسے بات کرتے ہیں؛ سماجی یگانگت سے کیا مراد ہے، تہذیبی تحسّس سے کیا مراد ہے؛ آگہی؛ قابلیت؛ پڑھنے لکھنے کی صلاحیت، حفاظت؛ اور سب کو شامل کرنے سے کیا مراد ہے، نیز نسلی تعصّب اور اس کے اثرات کو سمجھنا۔
- **تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کے مسائل، پیش رفت اور ان کے لیے نتائج کی مشترکہ فہم :** ڈائیلاگ اور بامعنی ڈیٹا کے حصول کے ذریعے تسمانیہ کو نسل، زبان کے استعمال اور سیٹلمنٹ کے حوالے سے حیثیت کے لینس اور ساتھ ساتھ انٹرسیکشنل لینس (مختلف شناختوں کے بیک وقت موجود ہونے کی آگہی)سے دیکھتے ہوئے پالیسیاں اور پروگرامز ڈیزائن اور مانیٹر کرنے (نظر میں رکھنے) کی ضرورت ہے۔

> ***"تسمانیئن گورنمنٹ سماجی پالیسیوں، کنسلٹیشنز، روزگار وغیرہ میں تارکین وطن کی شرکت کی حوصلہ افزائی جاری رکھ سکتی ہے۔"***
>
> *ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

## نسلی تعصّب سے کیا مراد ہے؟

آسٹریلین ہیومن رائٹس کمیشن نسلی تعصّب کی یہ تعریف بیان کرتا ہے:
”وہ عمل جس سے سسٹمز، پالیسیوں، اقدامات اور رویّوں میں نسل کی بنیاد پر غیر منصفانہ مواقع اور نتائج پیدا ہوتے ہیں۔ نسلی تعصّب محض سوچ یا عمل میں تعصّب سے بڑھ کر کچھ ہے۔ یہ تب واقع ہوتا ہے جب اس تعصّب - خواہ یہ افراد میں ہو یا اداروں میں ہو - کے ساتھ ساتھ دوسروں کے خلاف امتیازی سلوک کرنے، ان کے ساتھ زیادتی کرنے یا ان کے حقوق کم کرنے کی طاقت بھی موجود ہو۔“

### ہم نے یہ سنا:

- نسلی تعصّب اور امتیازی سلوک تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کے لیے زندگی کا سکھ، محفوظ اور مطمئن ہونے کے احساسات، برابری و انصاف اور اپنی قدر اور وابستگی کا احساس کمزور کرتے ہیں۔
- لوگوں نے تعلیم، روزگار، تسمانیہ پولیس اور نظامِ انصاف کے ساتھ واسطے جیسے مختلف معاملات میں اپنے تجربات بتائے ہیں، جو انہیں خدمات کے حصول میں اور تسمانیہ کی کمیونٹیوں میں واسطوں سے پیش آئے ہیں۔
- تسمانیہ کو سماجی یگانگت اور تہذیبی شعور کو بڑھانے اور نسلی تعصّب اور امتیازی سلوک کے اثرات کو سمجھنے کی ضرورت ہے تاکہ تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کا محفوظ، صحتمند اور احترام کی حامل زندگیاں گزارنا یقینی ہو۔
- کمیونٹی میں امتیازی سلوک کے خلاف قوانین اور واقعات کی رپورٹنگ کے متعلق آگہی بڑھانے کی ضرورت ہے۔ یہ ضروری ہے کہ تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز نسلی تعصّب، نسلی دشمنی کے واقعات اور امتیازی سلوک کا سامنا ہونے پر رپورٹ کرتے ہوئے خود کو محفوظ محسوس کریں۔
- تسمانیہ کے لیے ضروری ہے کہ نسلی تعصّب کا نشانہ بننے والوں کے لیے موزوں مدد تک رسائی بہتر بنائے۔

*”میرے خیال میں ہمیں سب کو شامل کرنے کے متعلق مزید مہمات دیکھنے، مختلف پس منظروں کے لوگوں والے معاشرے کا خیرمقدم کرنے اور نسلی تعصّب کے خلاف آواز اٹھانے کی ضرورت ہے۔ میں نے بہت دفعہ بائی سٹینڈر ایفیکٹ (بدسلوکی کو روکنے کی بجائے خاموشی سے دیکھنا) دیکھا ہے، اور لوگوں کو اپنے لیے یا دوسروں کے لیے آواز اٹھانے کی طاقت نہیں دلائی جا رہی ہے۔“*

*ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

## نسلی تعصّب کا اظہار کیسے ہوتا ہے؟

نسلی تعصّب کی بہت سی صورتیں ہو سکتی ہیں جیسے ناگوار یا دل دکھانے والے تبصرے یا مذاق، نامناسب نام رکھنا یا زبانی بدسلوکی، اور ہراسمنٹ (تنگ کرنا) یا ڈرانا۔ اس میں آن لائن یا میڈیا میں ایسے تبصرے بھی شامل ہیں جو مخصوص گروہوں کے خلاف دشمنی بڑھاتے ہیں، اور نسلی تعصّب کی سنگین ترین صورت جسمانی بدسلوکی اور تشدّد ہے۔

نسلی تعصّب تمام تسمانیئنز کے اس بنیادی حق کی خلاف ورزی ہے کہ ان کے ساتھ احترام اور وقار کا سلوک کیا جائے۔[22]

2024 کی *Mapping Social Cohesion Report* (سماجی یگانگت کی جائزہ رپورٹ) واضح کرتی ہے کہ اب آسٹریلین باشندوں میں وابستگی اور سماجی انصاف کا احساس طویل المدت اوسط سطح کی نسبت بہت کم ہے۔

*Mapping Social Cohesion* سروے میں آسٹریلیا سے باہر پیدا ہونے والے، انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں کے پس منظروں کے، ہر 3 افراد میں سے 1 نے بتایا کہ انہیں پچھلے 12 مہینوں میں رنگت، نسلی ماخذ یا مذہب کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا تجربہ ہوا ہے۔[23]

تسمانیہ میں سماجی یگانگت پر یہ دباؤ صاف ظاہر ہے۔ پچھلے دو سالوں میں نسل کی بنیاد پر امتیازی سلوک، بدسلوکی، ہراسمنٹ (تنگ کرنا) اور متشدّد حملوں کی بہت سی میڈیا رپورٹس اور لوگوں کی شکایات آئی ہیں۔

نسلی تعصّب اور امتیازی سلوک کے افراد اور تسمانیئن کمیونٹیوں پر بہت سے مختلف اثرات ہوتے ہیں۔ اس سے افراد کی ذہنی اور جسمانی صحت اور مطمئن زندگی کے لیے برے نتائج ظاہر ہو سکتے ہیں، لوگوں کے درمیان دیواریں کھڑی ہو سکتی ہیں اور سماجی یگانگت برباد ہو سکتی ہے۔

**سماجی یگانگت سے کیا مراد ہے؟**

آسٹریلیا میں اس کی کوئی متفقہ تعریف نہیں ہے۔
The Scanlon Institute اسے اہم سمجھتا ہے:
”معاشرے کے افراد کی سلامتی اور خوشحالی کے لیے ایک دوسرے سے تعاون پر آمادگی“

سماجی یگانگت کے لیے نسلی تعصّب کے خلاف کام اور منفی ریڈیکلائزیشن اور کمیونٹیوں کو ’بیگانے‘ بنانے کے خلاف کام کرنا ضروری ہے۔[24]

تسمانئین گورنمنٹ ایسے ماحول کو فروغ دینے کا عزم رکھتی ہے جہاں مختلف تہذیبوں کے درمیان افہام و تفہیم، قدردانی اور احترام ہو۔

*”نیشنلٹی یا مذہب سے قطع نظر، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ تسمانیہ میں اقامت کے عرصے سے قطع نظر، سب لوگوں کو شامل کیا جائے، اور ان کا احترام اور قدر کی جائے۔“*

*ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

## ابھی ہم کیا کرتے ہیں

تسمانئین گورنمنٹ نسلی تعصّب اور امتیازی سلوک کے قلع قمع کا عزم رکھتی ہے تاکہ ایسا ماحول پیدا ہو جہاں ہر انسان محفوظ محسوس کرے، زندگی میں شریک ہونے اور کامیابی کے لیے اس کی صلاحیتوں کی افزائش ہو اور وہ وابستگی محسوس کرے۔ اس میں یہ شامل ہے:

- حفاظت کے متعلق کمیونٹی کے اندیشوں پر قدم اٹھانے کے لیے کمیونٹیوں، کاروباروں اور MCOT کے ساتھ کام کرنا، اس سے پہلے کہ کچھ برا ہو جائے۔ تسمانئین گورنمنٹ نے 2023-24 کے دوران نسلی تعصّب سے نبٹنے اور سماجی یگانگت کے فروغ کے لیے $500,000 مخصوص کیے۔
- 2023 - 24 کے دوران MRC Tas کو پوری تسمانیہ سٹیٹ میں ان کمیونٹیوں میں اضافی کاؤنسلنگ اور سائیکوسوشل مدد کی مانگ پوری کرنے کے لیے فنڈنگ ملی جو نسلی امتیاز، بدسلوکی اور ہراسمنٹ سے متاثر تھیں۔
- نومبر 2024 میں سماجی یگانگت کے لیے چھوٹی گرانٹس کے پروگرام (Social Cohesion Small Grants) کو حتمی شکل دی گئی جس کے تحت تسمانیہ بھر میں مقامی اقدامات کے ذریعے نسلی تعصّب سے نبٹنے اور سماجی یگانگت کے فروغ کے 13 کمیونٹی پراجیکٹس کو $200,000 کی فنڈنگ ملی۔
- 2024 کے دوران ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن، چلڈرن اینڈ ینگ پیپل (DECYP) نے کچھ سکولوں میں ایک نیا آزمائشی اینٹی ریسزم پروگرام لانچ کیا۔
- DECYP کئی اقدامات کے ذریعے سکولوں میں بُلنگ اور امتیازی سلوک کے خلاف بھی کام کر رہا ہے جن میں طالبعلموں کے طرزعمل کی مینیجمنٹ پالیسی اور پروسیجرز، سیف گارڈنگ فریم ورک، سکول ہیلتھ نرس پروگرام اور ہر سکول میں ایک سکول سپّورٹ اینڈ ویل بینگ ٹیم کی موجودگی یقینی بنانا شامل ہے۔
- وزیر انصاف اور ڈیپارٹمنٹ آف جسٹس (DoJ) *امتیازی سلوک کے خلاف ایکٹ 1998 (Anti-Discrimination Act 1998)* کے تحت آنے والے قانونی معاملات پر نظر رکھتے ہیں اور قدم اٹھاتے ہیں۔
- تسمانیہ پولیس کے سراغرسانی کے نظام مخصوص معاملات پر سرگرم گروہوں، انتہا پسند گروہوں اور نفرت کی بنیاد پر(مذہب، نسلی تعصّب اور دیگر وجوہ سے) سرگرمیوں کے متعلق ڈیٹا اکٹھا کرنا ممکن بناتے ہیں۔

## ہم نے کیا سنا:

- تسمانیہ کے نظامِ تعلیم میں تہذیبی لحاظ سے موزوں تدریس اور تہذیبی لحاظ سے محفوظ مدد کی سطح اس مقصد کے لیے کافی نہیں ہے کہ گھرانے تسمانیہ کے نظامِ تعلیم میں راستہ تلاش کر سکیں اور کامیاب ہو سکیں۔
- سستی، تہذیبی لحاظ سے محفوظ اور ٹراما کا علم رکھنے والی نگہداشتِ صحت، ذہنی صحت کی خدمات اور سماجی خدمات تک رسائی تسمانیہ کی تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف کمیونٹیوں کے لیے عین لازمی ہیں اور اسی سے انہیں معلوم ہو گا کہ ان کی ضروریات کو تسلیم کیا جاتا ہے اور پورا کیا جاتا ہے۔
- یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ آجر اور سپیشلسٹ ایمپلائمنٹ سروسز سب تہذیبوں کو شامل کرتے ہیں، امتیازی سلوک سے نبٹنے کے طریقے سمجھتے ہیں اور مائیگرینٹ تسمانیئنز کو بامعنی روزگار تلاش کرنے میں مدد دیتے ہیں تاکہ وہ تسمانیہ میں لمبے عرصے کے لیے آباد ہو سکیں۔
- سستے، مناسب، محفوظ اور قابل رسائی رہائشی مواقع کا فقدان تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کی مطمئن زندگی اور سیٹل ہونے کے لیے سازگار نہیں ہے۔

***"ملٹی کلچرل ہب جیسی جگہیں ہونی چاہیئں جہاں مختلف تہذیبوں سے تعلق رکھنے والے لوگ محفوظ ماحول میں مل بیٹھ سکیں۔"***

*ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

## ہمارا کیا مطلب ہے: تہذیبی شعور سے لے کر سب تہذیبوں کو شامل کرنے تک

**Cultural awareness، تہذیبی شعور**

مختلف ہونے اور لوگوں کی رسائی اور نتائج پر اس کے اثرات کو سمجھنا۔

**Cultural sensitivity، تہذیبی لحاظ سے حسّاس ہونا**

تہذیبی تنوّع کو درست تسلیم کرنا اور غیر شعوری تعصّب کو سمجھنا

**Cultural safety، کلچرل سیفٹی**

تہذیبی لحاظ سے موزوں ماحول جو کمیونٹیوں کے ساتھ مل کر ڈیزائن کیا گیا ہو۔

**Cultural inclusion، سب تہذیبوں کو شامل کرنا**

مختلف تہذیبوں کے افراد سے واسطہ اور ان کی حمایت کرنا، ان کے منفرد نقطۂ نظر اور ایک خاص ماحول میں ان کی خدمات کی قدر کرنا۔



*"اِس وقت Glenorchy City ایسی جگہ معلوم ہوتا ہے جہاں دکانوں، امدادی خدمات، ایڈووکیسی (حمایتی کام) اور بہت سی میڈیکل سروسز میں کئی زبانیں بولنے والا عملہ مہیا ہے۔ ہمیں دوسری تسمانئین کمیونٹیوں میں بھی ایسی ہی خدمات کی ضرورت ہے۔"*

*ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

تہذیب ایک فرد یا کمیونٹی میں احساسِ شناخت ڈھالنے میں نہایت اہم کردار ادا کرتی ہے اور یہ بیک وقت بہت سے عوامل سے مل کر بنتی ہے جیسے عمر، معذوری ہونا یا نہ ہونا، نسل، جنسی اور صنفی تنوّع، مذہب، معاشی حیثیت، اختیار اور زندگی کے تجربات۔

تہذیبی شعور (cultural awareness) اور تہذیبی قابلیت (cultural competency) تہذیب کے متعلق نئی سوچ اپنانے کی متقاضی ہے۔ اس کا مطلب نئے خیالات کے لیے کشادہ ذہن ہونا ہے جو شاید آپ کے اپنے خیالات، عقائد اور تہذیبی اقدار سے متصادم ہوں، اور احترام سے پیش آنا اور ان تہذیبی اختلافات کو برابر سمجھنے کے قابل ہونا ہے۔ اس میں دوسروں کے ساتھ محفوظ اور معاون انداز میں واسطہ رکھنا شامل ہے اور ہر کسی کے پس منظر، عقائد، اقدار، رواجوں، علم، طرزِ زندگی اور سماجی طرزِ عمل کے لیے احترام رکھنا بھی شامل ہے۔

کلچرل سیفٹی اور سب کو شامل کرنے کے لیے یہ فہم ضروری ہے کہ غیر شعوری اور شعوری تعصّبات اور امتیازی سلوک کو کیسے پہچانا جائے اور ان سے کیسے نبٹا جائے کہ لوگوں کے لیے ان سے نبٹنے کے محفوظ ماحول مہیا ہو جائیں۔ زبان کی خدمات تک مناسب اور ضرورت پوری کرنے والی رسائی فراہم کرنا اس کا ایک نہایت اہم حصہ ہے۔

تہذیبی لحاظ سے محفوظ اور سب کو شامل کرنے والی تعلیم، تربیت، کام کے مقامات، خدمات اور مدد فراہم کرنا اس مقصد کے لیے عین لازمی ہے کہ تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانئینز اپنی زندگی کے تمام معاملات میں قدم اٹھائے، شریک ہونے اور پھلنے پھولنے کا حوصلہ محسوس کریں۔ اور ان کے لیے ضروری ہے کہ تسمانیہ میں اور خاص ماحولوں میں درست انداز میں کام کیا جائے۔

> *"مختلف تہذیبوں سے تعلق رکھنے والے لوگ باقی کمیونٹی کے شانہ بشانہ اپنی روایات کے بخوشی اظہار کے قابل ہوں - دوسروں کو شریک کرتے ہوئے اور دوسروں کا احساس کرتے ہوئے۔"*
>
> *ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

## ابھی ہم کیا کرتے ہیں



- تسمانئین گورنمنٹ تسمانیہ میں زندگی کے تمام شعبوں میں تہذیبی شعور، کلچرل سیفٹی اور سب کی شمولیت کو بہتر بنانے کا عزم رکھتی ہے تاکہ ہر شخص امور زندگی میں حصہ لینے اور پھلنے پھولنے کی خاطر اپنی ضرورت کی تمام مدد لینے کا حوصلہ محسوس کرے۔
- DECYP نے اپنا سٹاف انڈکشن اینڈ ٹریننگ پروگرام تشکیل دیا ہے جو انسانی تنوّع اور سب کو شامل کرنے کے سلسلے میں بہترین طریقِ عمل پر مبنی ہے اور تمام سکولوں کو آن لائن تہذیبی شعور اور ٹریننگ کورسز کی پیشکش کی جا رہی ہے جو سکول اپنی مرضی سے قبول کر سکتے ہیں۔
- DECYP انگلش بطور اضافی زبان ((English as an Additional Language (EAL) کی آن سائیٹ تدریس کے لیے ایڈوانس سپّورٹ ٹیچرز یا سوشل ورکرز کی پیشکش بھی دیتا ہے اور غیر سرکاری تنظیموں میں ان معاملات کے ماہرین کے ساتھ پارٹنرشپ بھی ممکن بناتا ہے۔
- DECYP اہم تہذیبی دن اور مواقع منانے کی اہمیت کا قائل ہے کیونکہ اس سے سب کو شامل کرنے کے سلسلے میں بہت فائدہ ہو سکتا ہے اور مختلف تہذیبی اور لسانی پس منظر رکھنے والے عملے میں احساسِ وابستگی کو فروغ مل سکتا ہے۔ سکولوں میں اہم تہذیبی دن مختلف طریقوں سے منائے جاتے ہیں۔
- دوسرے ممالک کے اہم دن اور مذہبی تہوار مناتے ہوئے سکول کے طالبعلم خاص لباس پہنتے ہیں، چیزیں بناتے ہیں، گیت گاتے ہیں اور خاص کھانے کھاتے ہیں۔
- DECYP کے EAL سوشل ورکرز سکول کے سوشل ورکرز کو مقامی کمیونٹی میں مختلف تہذیبی اور لسانی سروسز کے متعلق معلومات دے کر اور دوسری خدمات کے لیے مختلف اداروں کی ریفرلز دلا کر مدد دیتے ہیں۔

## زبان کی خدمات

*”معلومات کو مختلف زبانوں میں فوری دستیاب ہونا چاہیے، ان تارکین وطن کے لیے زیادہ کام کرنے کی ضرورت ہے جو معاشرے میں کردار ادا کرنا چاہتے ہیں۔“*

*ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

### ہم نے کیا سنا:

- تسمانیہ میں تعلیم، عدالتی نظام اور بہت سے صحت کے اداروں اور سروس پرووائیڈرز کے یہاں زبانی اور تحریری ترجمے کے استعمال کو بہتر بنانا اور دو تہذیبوں کا علم رکھنے والے ورکرز کی موجودگی یہ یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ تسمانیہ میں تارکین وطن، پناہ گزینوں، پناہ کے درخواست گزاروں اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آنے والوں کے لیے تسمانیہ کی زندگی کا حصہ بننا، اپنا کردار ادا کرنا اور کامیابی سے سیٹل ہونا ممکن ہو۔
- جن تارکین وطن اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آنے والوں کی پہلی زبان انگلش نہ ہو، ان کے لیے تحریری اور زبانی ترجمے کی مناسب خدمات تک رسائی اس مقصد کے لیے نہایت اہم ہے کہ وہ خدمات، تعلیم اور روزگار حاصل کر سکیں اور سماجی زندگی اور صحت، ووٹنگ، بحیثیت شہری سرگرمیوں اور عدالتی نظام جیسے نظاموں میں راستہ تلاش کر سکیں۔
- تسمانیہ میں ایسا کوئی مرکزی نظام نہیں ہے جو تسمانیہ میں تحریری اور زبانی ترجمے کی خدمات کی مانگ پر نظر رکھتا ہو۔ ہمیں نیشنل ایکریڈیٹیشن اتھارٹی فار ٹرانسلیٹرز اینڈ انٹرپریٹرز(NAATI) سے معلوم ہوا ہے کہ:
  - زبان کی خدمات کے سیکٹر میں غیر سندیافتہ پرووائیڈرز کی تعداد بڑھ رہی ہے جس سے معیاری خدمات کی فراہمی اور انڈسٹری سٹینڈرڈز کی تعمیل متاثر ہو رہی ہے۔
  - زبان کی خدمات کی سب سے بڑی صارف خود حکومت ہے[25]، اور خدمات کے حصول کے سلسلے میں حکومت خود نمونہ قائم کر سکتی ہے تاکہ سندیافتہ انٹرپریٹرز (زبانی مترجمین) اور ٹرانسلیٹرز (تحریری مترجمین) اور معیاری خدمات یقینی ہوں۔
  - اس وقت کام کرنے والے مترجمین پہلے سے مانگ میں زبانوں اور نئی زبانوں میں خدمات کی ضرورت پوری نہیں کر پا رہے ہیں اور سپلائی کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ نئے لوگوں کو اس شعبے میں آنے اور شعبے سے وابستہ رہنے کی ترغیب ملے۔

**تسمانیہ کے اداروں میں ترجمے کی سب سے زیادہ درخواستیں ان زبانوں کے لیے آتی ہیں:**

- **نیپالی**
- **مینڈرین / آسان چینی**
- **فارسی**
- **اردو**
- **تگرینیا**
- **برمی**
- **عربی**
- **دری**



## ابھی ہم کیا کرتے ہیں

- ڈیپارٹمنٹ آف پریمیئر اینڈ کیبینٹ اور ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ NAATI کی تسمانیئن برانچ کے ساتھ کام کرتے ہوئے زبان کی مقامی سروسز کے مسائل اور ضروریات پر نظر رکھتے ہیں۔
- خواندگی میں اضافے کے تین سالہ پلان برائے علمدرآمد *2024-2026 (Lifting Literacy 3-Year Implementation Plan 2024-2026)* کے ذریعے تسمانیئن گورنمنٹ خواندگی کی شرح بہتر بنانے کا عزم رکھتی ہے تاکہ 100 فیصد خواندگی کا اونچا ہدف حاصل کیا جائے اور تسمانیہ کے سب باشندوں کو خواندگی کی تمام تر ممکنہ صلاحیت حاصل کرنے کے لیے درست مدد ملے۔
- DECYP تمام سکولوں کو ترغیب دیتا ہے کہ وہ ضرورت ہونے پر گھرانوں کے ساتھ واسطے کے لیے انٹرپریٹرز استعمال کریں جبکہ سکول یا گھرانے کے لیے یہ سروس مفت ہو گی۔
- DECYP کی EAL سروس انٹرپریٹرز لینے اور استعمال کرنے کے لیے تربیت فراہم کرتی ہے۔ سکولوں کو روبرو انٹرپریٹرز کے ساتھ منسلک کرنے اور ٹرانسلیٹنگ اینڈ انٹرپریٹنگ سروس (TIS) سے انٹرپریٹرز لینے میں مدد دینے والا عملہ دستیاب ہے۔
- DECYP عام سکولوں میں طالبعلموں کو مدد دیتا ہے اور ایئر 7 تا ایئر 10 کے EAL طالبعلموں کو ایک آن لائن تعلیمی کلاس فراہم کرتا ہے جس میں وہ انٹرپریٹر کی موجودگی میں دوسرے طالبعلموں کے ساتھ بول حال کی انگلش سیکھتے ہیں۔
- Libraries Tasmania بالغ افراد کو Adult Literacy Service (بالغوں کی خواندگی کی سروس)، 26TEN، مفت انگلش بول حال کے گروپس اور لکھنا پڑھنا سیکھنے کے لیے کہانیوں کے پروگراموں کے ذریعے انگلش سیکھنے میں مدد دیتا ہے۔
- Business Tasmania اپنے یہاں رابطہ کرنے والے کلائنٹس کو انٹرپریٹنگ سروس دلاتا ہے اور تسمانیئن بزنس ایڈوائس سروس (Tasmanian Business Advice Service) اور نیو بزنس سپورٹ پائلٹ پروگرام (New Business Support Pilot Program) جیسی مشورہ دینے والی خدمات کے لیے بھی انٹرپریٹنگ سروس دلاتا ہے۔

- تسمانیہ پولیس کے افسران چار زبانوں (عربی، چینی، فارسی اور نیپالی) میں مدد پیش کرنے والے کارڈز اور کتابچے ساتھ رکھتے ہیں تاکہ انگلش کے علاوہ کوئی اور زبان بولنے والے تسمانیئنز کو مدد دے سکیں۔
- ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ گروتھ (DSG) کی ویب سائیٹ پر کئی زبانوں میں ڈرائیور ٹریننگ کا مواد موجود ہے۔ یہ زبانیں MRC Tas کے ساتھ اشتراکِ کار کے ذریعے طے کی گئی تھیں۔ ڈرائیونگ ٹیسٹ اور نالج ٹیسٹ کے لیے انٹرپریٹرز دستیاب ہیں۔
- Fishing in Tasmania کے کئی زبانوں کے بروشر میں معلومات آسان چینی، ملائے، ہندی، کوریئن اور ویتنامی میں ہیں۔ Pacific Australia Labour Mobility (PALM) ورکر کمیونٹی کے ارکان کے ساتھ تعلق بڑھانے کے لیے ایک اور فلائر بھی بنایا گیا ہے۔ یہ فلائر بسلاما (وانواٹو)، فجیئن، سموآن، ٹیٹم (ٹیمور لیسٹے)، ٹوک پیسین (پاپوا نیو گنی) اور ٹونگن زبانوں میں مہیا ہے۔


*"تسمانیہ میں پبلک سیکٹر اور پرائیویٹ سیکٹر دونوں کے مختلف اداروں میں کام کرتے ہوئے مجھے دیکھنے کا موقع حاصل رہا ہے کہ انٹرپریٹر سسٹم کیسے کام کرتا ہے۔ اکثر کافی تعداد میں مترجمین دستیاب نہیں ہوتے۔ اس نیٹ ورک کو پھیلانے اور کئی مختلف پس منظروں کے مترجمین کی تعداد بڑھانے، اور زیادہ زبانیں مہیا کرنے سے تارکین وطن کو خدمات حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔"* *ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*





## تعلیم اور روزگار میں منصفانہ مواقع فراہم کرنا

### ہم نے کیا سنا



- تسمانیئن معاشرے کے کئی پہلوؤں اور نظاموں، جیسے پارلیمانی نظام، لیڈرشپ پوزیشنز، میڈیا اور سرکاری خدمات، میں تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کی نمائندگی محدود ہے۔ اس سے الگ رکھے جانے اور مارجنلائزیشن (نظرانداز ہونے والا کمزور طبقہ ہونا) کے جذبات پیدا ہو سکتے ہیں۔
- زندگی کے اہم معاملات جیسے تعلیم اور روزگار میں تہذیبی تنوّع کی کمی کی وجہ سے اس میں رکاوٹ پڑ رہی ہے کہ یہ ماحول نوعمر افراد، بالغوں اور گھرانوں کو کس حد تک مختلف تہذیبوں کے لیے کشادہ ذہن، سب کو شامل کرنے والے اور محفوظ محسوس ہوتے ہیں۔ تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف نوجوان تسمانیئنز کے لیے 'رول ماڈلز' بہت کم ہیں جو ان میں اونچی امنگیں ابھاریں اور انہیں تسمانیہ میں ہی رہنے پر راغب کریں۔
- اس کے نتیجے میں تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کو محسوس ہو رہا ہے کہ تسمانیہ میں اہم نظاموں اور خدمات میں تہذیبی تنوّع کی قدر نہیں کی جاتی اور اسے فروغ نہیں دیا جاتا - صرف تہذیبی دن اور مواقع منائے جاتے ہیں۔
- یہ احساس بہت قوی تھا کہ انسانی تنوّع کی قدر اور امتیازی سلوک سے نبٹنا حقیقتاً ایک ترجیح نہیں ہے۔

***"تربیت اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور فیصلہ سازی میں شریک ہونے کے لیے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرنا۔"***

*ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

## ابھی ہم کیا کرتے ہیں

- DoJ کی *تنوّع، برابری و انصاف اور سب کو شامل کرنے کی حکمت عملی (Diversity, Equity and Inclusion Strategy)* میں تہذیبی اور لسانی تنوّع کو ایک ترجیحی معاملہ قرار دیا گیا ہے۔ DoJ اِس وقت اپنے عملے میں انسانی تنوّع اور سب کو شامل کرنے کی ٹریکنگ کے لیے کئی طریقے استعمال کرتا ہے۔ ملازمین کے سروے کے ذریعے بھی سب کو شامل کرنے کی صورتحال جانچی جاتی ہے جیسے DoJ ایمپلائی ایکسپیریئنس سروے اور نیو سٹارٹر سروے۔
- ڈیپارٹمنٹ آف پولیس، فائر اینڈ ایمرجنسی مینیجمنٹ (DPFEM) کے تسمانیہ پولیس کیریئر ڈیویلپمنٹ پروگرام (Tasmania Police Career Development Program) کو جاری رکھنے سے تسمانیہ پولیس کے عملے میں تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کی نمائندگی میں اضافہ یقینی ہو گا۔
- تسمانیہ پولیس کیریئر ڈیویلپمنٹ پروگرام کو ریکروٹنگ سروسز چلاتی ہیں اور پروگرام کے نتیجے میں دیکھا جا رہا ہے کہ تسمانیہ پولیس میں تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کی کامیاب درخواستیں بڑھ رہی ہیں۔
- WorkSafe Tasmania کی انڈسٹری سیفٹی ایڈوائزری سروس اینڈ ہیلپ لائن کاروباروں کو معلومات، مدد اور آگہی فراہم کرتی ہے تاکہ کام پر صحت اور حفاظت کے قوانین کی تعمیل یقینی ہو، جس میں سب کو شامل کرنے والی اور زیادہ منصفانہ جائے کار بنانے کے تقاضے بھی شامل ہیں۔
- *NRE Tas میں وابستگی (Belonging at NRE Tas)* ایکشن پلان کے تحت ڈیپارٹمنٹ آف نیچرل ریسورسز اینڈ انوائرنمنٹ تسمانیہ (NRE Tas) نے 'اہم تاریخوں کا ڈائیورسٹی کیلنڈر' بنایا ہوا ہے جس میں وہ تاریخیں درج ہیں جنہیں NRE Tas میں کام کرنے والے اہم سمجھتے ہیں اور/یا مناتے ہیں۔

> *"مختلف تہذیبی پس منظروں کے لوگوں کو روزگار، تعلیم، صحت وغیرہ کے برابر مواقع حاصل ہوتے ہیں، اور پس منظر کی وجہ سے امتیازی سلوک کے واقعات کم ہوتے ہیں۔"*
>
> *ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

# فریم ورک

- فریم ورک
- اقدامات
- مانیٹرنگ اور نتائج کا جائزہ
- نظم و نسق



# فریم ورک

پلان اگلے پانچ سالوں کے لیے تسمانیئ گورنمنٹ کا تصوّر، مطلوبہ نتائج اور اقدامات بیان کرتا ہے۔

اس میں ان اہم چیلنجوں سے نبٹنے پر توجہ دی گئی ہے جن کے متعلق تسمانیئنز نے ہمیں بتایا کہ یہ نسل اور تہذیب، گھر میں بولی جانے والی زبان اور انگلش زبان کی استعداد اور سیٹلمنٹ سٹیٹس کی وجہ سے ان کے تجربات اور نتائج کو متاثر کرتے ہیں۔

ان ترجیحات کی روشنی میں تسمانیئ گورنمنٹ کا تصوّر، مطلوبہ نتائج اور اقدامات طے کیے گئے ہیں اور پیش رفت پر نظر رکھنے کا طریقہ طے کیا گیا ہے۔



## ہمارا تصوّر

**ہم کیا دیکھنا چاہتے ہیں**

**ایک ہم آہنگ، سب کو شامل کرنے والا اور احترام کرنے والا ملٹی کلچرل جزیرہ تسمانیہ جہاں سب تسمانیئنز کو وابستگی محسوس ہو اور جہاں وہ اپنا کردار ادا کرنے اور کامیاب رہنے کے قابل ہوں۔**

## ہمارے ترجیحی تھیمز (مدّعا)

| ہم محفوظ محسوس کریں | ہم شریک ہوں | ہماری وابستگی |
|---|---|---|

## ہمارے مطلوبہ نتائج

**ہمیں کیسے پتہ چلے گا کہ آیا ہم اپنے تصوّر کو حاصل کر رہے ہیں؟**

| ہم محفوظ محسوس کریں | ہم شریک ہوں | ہماری وابستگی |
|---|---|---|
| نسلی تعصّب کی سب صورتوں میں کمی آئے۔<br><br>تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز نسلی بنیادوں پر تشدّد سے محفوظ محسوس کریں۔ | تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز محسوس کریں کہ ان کی صلاحیتوں کی افزائش کی جاتی ہے اور معاشرے میں کردار ادا کرنے اور کامیابی حاصل کرنے کے لیے ان کی صلاحیتوں کو کام میں لایا جاتا ہے۔ | تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز محسوس کریں کہ انہیں تسلیم کیا جاتا ہے اور ان کی قدر کی جاتی ہے، اور ان کی ضروریات کو تہذیبی لحاظ سے محفوظ اور قابلِ رسائی خدمات کے ذریعے پورا کیا جاتا ہے۔ |

## ہمارے فوکس ایریاز

**ہمیں یہ حاصل کرنے کی خاطر کیا کرنا چاہیے؟**

| ہم محفوظ محسوس کریں | ہم شریک ہوں | ہماری وابستگی |
|---|---|---|
| نسلی تعصّب سے نبٹنا اور سماجی یگانگت کا فروغ، اور حفاظت | سماجی، تہذیبی اور شہری معاملات میں شرکت<br><br>تعلیم (چھوٹے بچوں کی تعلیم سے لے کر اعلیٰ تعلیم تک) اور تربیت<br><br>معاشی شرکت | معلومات دینے والی خدمات۔<br><br>بچے، نوعمر افراد اور گھرانے<br><br>صحت اور اچھی کیفیت۔<br><br>ہاؤسنگ۔ |

## ہمیں کامیاب بنانے والے عوامل

**ہمیں یہ حاصل کرنے میں کن چیزوں سے مدد ملے گی؟**

**نظم و نسق اور کنسلٹیشن (مشاورت):** کمیونٹی کی رہنمائی میں ڈیزائن، عملدرآمد اور نظر ثانی

**ڈیٹا اور نتائج کا جائزہ:** ہماری کمیونٹیوں اور اثرات کی بھرپور فہم: ڈیٹا، مانیٹرنگ، رپورٹنگ، پلاننگ

**زبان اور اصطلاحات:** آسانی سے دستیاب زبان کی خدمات اور تمام پروگراموں اور خدمات میں احترام کے حامل الفاظ و اصطلاحات

**سب کو شامل کرنا اور برابری و انصاف:** تہذیبی شعور اور کلچرل سیفٹی اور پروگراموں، خدمات اور عملے کی تشکیل میں انٹرسیکشنل لینس (انسانوں کی شناخت کے مختلف پہلوؤں کو مدنظر رکھنا)

**اہداف کے مطابق حکمت عملی اور وسائل کی فراہمی:** حکومت کی تمام سطحوں پر ضروریات پوری کرنے والی پالیسیاں، پروگرامز اور خدمات جن کے لیے پلاننگ کی جائے، وقت کا خیال رکھا جائے اور وسائل مہیا کیے جائیں

## ہمارا تصوّر

ایک ہم آہنگ، سب کو شامل کرنے والا اور احترام کرنے والا ملٹی کلچرل جزیرہ تسمانیہ جہاں سب تسمانیئنز کو وابستگی محسوس ہو اور جہاں وہ اپنا کردار ادا کرنے اور کامیاب رہنے کے قابل ہوں۔

## مطلوبہ نتائج

ہمارے ترجیحی تھیمز، مطلوبہ نتائج اور فوکس ایریاز تسمانیئنز کی بات سن کر طے کیے گئے ہیں کہ انہیں تسمانیہ میں محفوظ محسوس کرنے، تسمانیہ کی زندگی میں شرکت کے قابل محسوس کرنے اور حقیقی وابستگی محسوس کرنے کی خاطر کن چیزوں کی ضرورت ہے۔

| ہمارے ترجیحی تھیمز (مدّعا) | ہم محفوظ محسوس کریں | ہم شریک ہوں | ہماری وابستگی |
|---|---|---|---|
| ہمارے مطلوبہ نتائج | **نتیجہ 1:**<br>نسلی تعصّب کی سب صورتوں میں کمی آئے۔<br>**نتیجہ 2:**<br>تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز نسلی بنیادوں پر تشدّد سے محفوظ محسوس کریں۔ | **نتیجہ 3:**<br>تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئز محسوس کریں کہ ان کی صلاحیتوں کی افزائش کی جاتی ہے اور معاشرے میں کردار ادا کرنے اور کامیابی حاصل کرنے کے لیے ان کی صلاحیتوں کو کام میں لایا جاتا ہے۔ | **نتیجہ 4:**<br>تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز محسوس کریں کہ انہیں تسلیم کیا جاتا ہے اور ان کی قدر کی جاتی ہے، اور ان کی ضروریات کو تہذیبی لحاظ سے محفوظ اور قابلِ رسائی خدمات کے ذریعے پورا کیا جاتا ہے۔ |



# اقدامات

## خلاصہ

اگلے پانچ سالوں کے لیے ہمارے ترجیحی اقدامات سے ہمارے تینوں تھیمز کے تحت مطلوبہ نتائج حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔

ہر تھیم کے تحت ہم نے اپنے اقدامات کا خلاصہ بیان کیا ہے، بتایا ہے کہ ہم ہر ایک اقدام کیسے اور کس عرصے میں کریں گے اور تسمانیئن گورنمنٹ کی لیڈ ایجنسی (بنیادی ذمہ دار ادارہ) کی نشاندہی کی ہے۔

***"ایک ملٹی کلچرل کمیونٹی انسانی تنوّع اور سب کی شمولیت کا خیر مقدم کرتی ہے اور مختلف تہذیبوں کا احترام اور انہیں قبول کرتی ہے۔"*** *ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

## قلیل المدّت اقدامات

قلیل المدّت اقدامات پلان کے سال ایک اور سال دو میں کیے جائیں گے۔

## درمیانی مدت کے اقدامات

درمیانی مدت کے اقدامات پلان کے سال تین سے شروع ہوں گے اور پہلے دو سالوں میں پیش رفت کی روشنی میں ان کے متعلق آئندہ طے کیا جائے گا۔

## اقدامات میں تازہ تبدیلیاں

پلان کی مدت میں ہی اقدامات کے حوالے سے پیش رفت پر نظر ثانی کی جائے گی (انٹیرم ریویو) تاکہ پلان کا مسلسل متعلقہ رہنا یقینی ہو اور مستقبل کے فوکس ایریاز طے کرنے کے لیے رہنمائی ملے۔

# ہمیں کامیاب بنانے والے عوامل: ہمارے تصوّر کے حصول میں مدد دینے کے لیے

ہمیں اپنے اقدامات کرنے اور تمام فوکس ایریاز میں مطلوبہ نتائج حاصل کرنے میں مدد دینے والے کچھ عوامل موجود ہیں۔

یہ کامیاب بنانے والے عوامل کلچرل سیفٹی کے حامل تسمانیہ کی بنیاد ہیں۔ یہ نظاموں میں موجود ان بڑی سٹرکچرل رکاوٹوں سے نبٹتے ہیں جنہیں تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز نے زندگی کے تمام معاملات میں اپنے لیے حائل بتایا:




کامیاب بنانے والے عوامل

## کامیاب بنانے والے عوامل - اقدامات کا خلاصہ

ہم نیچے دیے گئے اقدامات کے ذریعے کامیاب بنانے والے عوامل کو استعمال کریں گے۔ ان سے پلان کے تمام حصوں میں تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئز کے لیے مطلوبہ نتائج کے حصول میں مدد ملے گی۔

| فوکس ایریا | نمبر | اقدام | لیڈ ایجنسی (بنیادی ذمہ داری رکھنے والی ایجنسی) |
|---|---|---|---|
| **نظم و نسق اور کنسلٹیشن (مشاورت)** | .1 | ایک منسٹیریل ملٹی کلچرل ایڈوائزری گروپ (ایڈوائزری گروپ) کا قیام | DPAC |
| **ڈیٹا اور نتائج کا جائزہ** | .2 | ڈیٹا کیٹیگریز پر نظر ثانی اور بامعنی ڈیٹا کیٹیگریز بنانا تاکہ یہ سمجھا جائے اور نظر میں رکھا جائے کہ تہذیب اور نسل، زبان کی استعداد اور سیٹلمنٹ کے حوالے سے حیثیت تسمانیہ کے لوگوں کے لیے نتائج کو کیسے متاثر کرتی ہے۔ | DPAC |
| | .3 | تہذیب اور نسل، زبان کی خدمات کی ضروریات اور سیٹلمنٹ کے حوالے سے حیثیت کے متعلق تسمانیئن گورنمنٹ کے اقدامات کی مانیٹرنگ اور رپورٹنگ کے مواقع پر غور کیا جائے۔ | DPAC |
| **زبان اور اصطلاحات** | .4 | ایڈوائزری گروپ کے مشورے سے اس زبان اور اصطلاحات کے متعلق ایک مشترکہ فہم پیدا کی جائے جو ہم تسمانیہ میں تہذیبی اور لسانی تنوّع کے متعلق استعمال کرتے ہیں۔ | DPAC |
| | .5 | زبان کی خدمات کے لیے تسمانیئن گورنمنٹ کی رہنما ہدایات پر نظرثانی کی جائے اور تبدیلیاں کی جائیں۔ | DPAC |
| | .6 | تسمانیئن گورنمنٹ کی فراہم کردہ تمام تر معلومات، خدمات اور پروگراموں میں زبانی اور تحریری ترجمے کی ضروریات کو مدنظر رکھا جائے۔ | DPAC/تسمانیئن گورنمنٹ کے تمام ادارے |
| **سب کو شامل کرنا اور برابری و انصاف** | .7 | کمیونٹیوں، سرکاری ایجنسیوں، پروگراموں اور خدمات، تنظیموں اور کاروباروں میں کلچرل سیفٹی کے فروغ کے لیے مناسب معلوماتی وسائل ڈیزائن اور تیار کیے جائیں۔ | DPAC/تسمانیئن گورنمنٹ کے تمام ادارے |
| | .8 | تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کو ان کی بیک وقت مختلف (انٹرسیکشنل) شناختوں کی وجہ سے پیش چیلنجوں پر غور کیا جائے۔ | DPAC |
| **اہداف کے مطابق حکمت عملی اور وسائل کی فراہمی** | .9 | تسمانیئن گورنمنٹ کی حکمت عملیوں اور ایکشن پلانز میں تہذیب اور نسل، زبان کی خدمات کی ضروریات اور سیٹلمنٹ سٹیٹس کی وجہ سے تسمانیئنز کی ضروریات کو ملحوظ رکھا جائے۔ | DPAC/تسمانیئن گورنمنٹ کے تمام ادارے |



## کامیاب بنانے والے عوامل - اقدامات

### نظم و نسق اور کنسلٹیشن (مشاورت)

**اقدام 1: ایک منسٹیریل ملٹی کلچرل ایڈوائزری گروپ کا قیام**

- DPAC کمیونٹیوں اور سٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام کرتے ہوئے ایک منسٹیریل ملٹی کلچرل ایڈوائزری گروپ (ایڈوائزری گروپ) بنائے گا جو تسمانیئن کمیونٹی کے انسانی تنوّع کا عکاس ہو۔
- ایڈوائزری گروپ کمیونٹی کی رہنمائی کے طریقے سے کام کرتے ہوئے پالیسیوں، پروگراموں اور خدمات کے لیے معلومات دے گا اور پلان کے تحت اقدامات کی مانیٹرنگ کرے گا۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل المدّت

### ڈیٹا اور نتائج کا جائزہ

**اقدام 2: ڈیٹا کیٹیگریز پر نظر ثانی اور بامعنی ڈیٹا کیٹیگریز بنانا تاکہ یہ سمجھا جائے اور مانیٹر کیا جائے کہ تہذیب اور نسل، زبان کی استعداد اور سیٹلمنٹ کے حوالے سے حیثیت تسمانیہ کے لوگوں کے لیے نتائج کو کیسے متاثر کرتی ہے۔**

- DPAC ایڈوائزری گروپ کے ساتھ کام کرتے ہوئے بامعنی ڈیٹا کیٹیگریز پر متفق ہوگا جن سے پلاننگ، باقاعدہ ہدف رکھنے والی پالیسیوں اور پروگراموں اور تہذیب، نسل، زبان کی استعداد اور سیٹلمنٹ سٹیٹس کی بنیاد پر منصفانہ اقدامات کے لیے رہنمائی ملے گی۔
- SSMO تسمانیئن سٹیٹ سروس ایمپلائی سروے کے سوالات پر نظرثانی کرے گا اور ان ڈیٹا کیٹیگریز پر غور کرے گا جن کی درخواست ایمپلائی سیلف سروس (ESS) پلیٹ فارم میں آئندہ منصوبہ بندی کے لیے رہنمائی کی غرض سے کی گئی ہو۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

**اقدام 3: تہذیب اور نسل، زبان کی خدمات کی ضروریات اور سیٹلمنٹ سٹیٹس کے حوالے سے تسمانیئن گورنمنٹ کے اقدامات کی مانیٹرنگ اور رپورٹنگ کے مواقع پر غور کیا جائے۔**

- DPAC پوری تسمانیئن سٹیٹ سروس میں اس فہم کو بڑھانے کے لیے کام کرے گا کہ تہذیب اور نسل، زبان کی ضروریات اور سیٹلمنٹ سٹیٹس کی بنیاد پر پالیسیوں، پروگراموں اور خدمات کو کیسے مؤثر طور پر ٹارگٹ کیا جائے۔
- DPAC غور کرے گا کہ تہذیب اور نسل، زبان کی خدمات کی ضروریات اور سیٹلمنٹ سٹیٹس کے ڈیٹا کو تسمانیئن گورنمنٹ ویل بینگ فریم ورک ڈومین کے نتائج کے متعلق رپورٹنگ کے لیے کیسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- NRE Tas پالیسی سازی کے لیے ملٹی کلچرل لینس استعمال کرے گا۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

## زبان اور اصطلاحات

**اقدام 4: منسٹیریل ایڈوائزری گروپ کے ساتھ مشاورت میں، تسمانیہ میں تہذیبی اور لسانی تنوّع کے متعلق ہماری زبان اور اصطلاحات کی مشترکہ فہم پیدا کی جائے۔**

- DPAC ایڈوائزری گروپ کے ساتھ اس مقصد کے لیے کام کرے گا کہ ان کے مشورے سے ہماری کمیونٹیوں کا ذکر کرنے کے لیے احترام کی حامل اور سب کو شامل کرنے والی اصطلاحات وضع کی جائیں اور ملٹی کلچرل ازم، کلچرل سیفٹی، تجسّس، شعور، خواندگی، قابلیت، نسلی تعصّب اور اینٹی ریسزم اور سماجی یگانگت جیسے اہم تصوّرات کے معانی واضح کیے جائیں۔
- NRE Tas سنہ 2025 میں *'وابستگی کے لیے ایکشن پلان' (Belonging Action Plan)* پر نظر ثانی کرے گا اور جو ملازمین باقاعدگی سے پبلک سے واسطے میں آتے ہوں، خاص طور پر ان میں سب کو شامل کرنے والی زبان کا علم بڑھانے کے لیے اقدامات معلوم کرے گا؛ جیسے تسمانیئن پارکس اینڈ وائلڈ لائف سروس (Tasmanian Parks and Wildlife Service) اور بائیو سیکیورٹی تسمانیہ (Biosecurity Tasmania) کے ملازمین۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

**اقدام 5: زبان کی خدمات کے لیے تسمانیئن گورنمنٹ کی رہنما ہدایات پر نظرثانی کی جائے اور تبدیلیاں کی جائیں۔**

- DPAC کمیونٹیوں، زبان کی خدمات دینے والے پرووائیڈرز، امدادی اداروں اور تسمانیئن گورنمٹ کی ایجنسیوں کے ساتھ مل کر زبان کی خدمات کے لیے تسمانیئن گورنمنٹ کی رہنما ہدایات پر نظرثانی اور تبدیلیاں کرے گا تاکہ ان ہدایات کا مقصد کے مطابق ہونا یقینی ہو اور ہماری سٹیٹ میں زبان کی خدمات کی موجودہ اور ابھرتی ہوئی ضروریات پوری ہو سکیں۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل المدّت

> *"ایک حقیقی ملٹی کلچرل کمیونٹی کا قیام ایک مسلسل عمل ہے جس کا کوئی واضح اختتام نہیں ہے۔ تاہم کچھ اہم اشاروں سے پیش رفت کا علم ہوتا ہے۔"*
>
> *ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*



**اقدام 6: تسمانیئن گورنمنٹ کی طرف سے دی جانے والی تمام معلومات، خدمات اور پروگراموں میں زبانی اور تحریری ترجمے کی ضروریات کو مدنظر رکھا جائے۔**

- DPAC ایڈوائزری گروپ اور سٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام کرتے ہوئے زبانی اور تحریری مترجمین کی تعداد اور ایکریڈیٹیشن کی ضروریات پر نظر رکھے گا۔ اس میں گزشتہ انٹرپریٹر ٹریننگ سکالرشپ پروگرام پر نظر ثانی اور تبدیلیوں کے ساتھ ایک پروگرام شروع کرنے پر غور شامل ہو گا۔
- DPFEM بہت سی مختلف زبانوں میں TFS، سٹیٹ ایمرجنسی سروس اور تسمانیہ پولیس کے معلوماتی وسائل فراہم کرنے کے مواقع پر غور کرے گا۔
- DECYP تمام سکولوں کو گھرانوں کے ساتھ واسطے کے لیے حسب ضرورت انٹرپریٹرز استعمال کرنے کی ترغیب دینا جاری رکھے گا۔ یہ سروس سکولوں اور گھرانوں کو مفت ملتی ہے۔
- DECYP انٹرپریٹرز کے حصول اور استعمال کے لیے عملے کو EAL Service ٹریننگ دینا جاری رکھے گا۔
- NRE Tas فشنگ کے اصولوں کے متعلق معلومات مزید زبانوں میں مہیا کرے گا۔
- رائل تسمانین بوٹینیکل گارڈنز سب کے لیے قابلِ رسائی اور سب کو شامل کرنے والی فضا بنانے کے طریقوں پر غور کرے گا تاکہ یہاں آنے والے سب لوگ آرام سے نباتات کی نمائش دیکھ سکیں۔
- WorkSafe Tasmania مزید زبانوں میں کام پر حقوق کے متعلق WorkSafe کے معلوماتی مواد کے ترجمے اور مواد تخلیق کرنے کے مواقع پر غور کرے گا۔
- DoH کی سٹیٹ وائیڈ مینٹل ہیلتھ سروسز دوسری زبانوں میں ذہنی صحت کے متعلق معلوماتی وسائل میں اضافہ کریں گی۔ DoH تسمانیئن گورنمنٹ کی ایجنسیوں کو زبان کی خدمات کے لیے تسمانیئن گورنمنٹ کی رہنما ہدایات کے مطابق زبانی اور تحریری ترجمے کی خدمات فراہم کرنا جاری رکھے گا۔
- NRE Tas یہ یقینی بنانے کے طریقوں پر غور کرے گا کہ بائیو سیکیورٹی تسمانیہ کے ساتھ واسطے سمیت تمام خدمات میں زبانی اور تحریری ترجمے کے مواقع مہیا ہوں۔
- DSG ڈرائیور اسیسمنٹ سنٹرز میں کئی زبانوں میں سائنز لگانے پر غور کرے گا اور ڈرائیور ٹریننگ پروگرام میں موجودہ مسائل کو سمجھنے کی خاطر MRC Tas کے ساتھ کام کرے گا جس کا مقصد مختلف تہذیبی گروہوں کے لیے ڈرائیور ٹریننگ کا مواد بہتر بنانا ہے۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

*"انٹیگریشن اور اکٹھے جینا ہماری بڑی خواہشات ہوں، اور پالیسیاں اور ادارے انسانی تنّوع اور مختلف تہذیبوں کے لوگوں کے بیچ افہام و تفہیم میں معاون ہوں۔ اگرچہ کچھ چیلنجز باقی رہتے ہیں، ان اصولوں کی خاطر جدّوجہد سے کمیونٹیاں ملٹی کلچرل ازم کے قریب تر آتی ہیں۔"*

*ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

## سب کو شامل کرنا اور برابری و انصاف

### اقدام 7: کمیونٹیوں، سرکاری ایجنسیوں، پروگراموں اور خدمات، تنظیموں اور کاروباروں میں کلچرل سیفٹی کے فروغ کے لیے مناسب معلوماتی وسائل ڈیزائن اور تیار کیے جائیں۔

- DPAC اس مقصد کے لیے ایڈوائزری گروپ کے ساتھ کام کرے گا کہ کلچرل سیفٹی پیدا کرنے والے اور کمیونٹیوں میں، جائے کار پر اور خدمات کی فراہمی میں امتیازی سلوک کی نوعیت اور اثرات کے متعلق معلوماتی وسائل، تربیت اور اقدامات کو جانچا جائے اور ان میں اضافہ کیا جائے۔
- DPAC یہ طے کرنے کے لیے ایڈوائزری گروپ کے ساتھ کام کرے گا کہ مختلف ماحولوں میں مختلف لوگوں کے لیے کونسے معلوماتی وسائل اور تربیت مناسب ہیں۔
- NRE Tas کلچرل سیفٹی بڑھانے کے لیے اپنے ملازمین کو Respectful Workplace Training (کام کی جگہوں پر احترام روا رکھنے کی تربیت) اور کلچرل سیفٹی ٹریننگ دینا جاری رکھے گا۔
- DPFEM اپنے تمام ملازمین کو کام پر انسانی تنوّع اور سب کو شامل کرنے کے حوالے سے لازمی تربیت دینا جاری رکھے گا۔
- DECYP تمام سکولوں کو آن لائن تہذیبی شعور اور ٹریننگ کے کورسز کی پیشکش دینا جاری رکھے گا جو سکول اپنی مرضی سے قبول کر سکتے ہیں۔ DECYP آن سائیٹ تعلیم بھی پیش کرتا ہے جو EAL ایڈوانسڈ سپّورٹ ٹیچرز یا سوشل ورکرز فراہم کرتے ہیں، اور اس موضوع پر نان گورنمنٹ آرگنائزیشنز کے ماہرین کے ساتھ پارٹنرشپس کا موقع دیتا ہے۔
- DECYP تمام کام کے لیے، جس میں عملے کی بھرتی، انڈکشن (ملازمت کے متعلق تعارفی معلومات)، تربیت اور لیڈرشپ رولز میں انسانی تنوّع بڑھانا بھی شامل ہے، انسانی تنوّع اور سب کی شمولیت کے لینس کے استعمال کو اہمیت دینا جاری رکھے گا ۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

### اقدام 8: تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کو ان کی بیک وقت مختلف (انٹرسیکشنل) شناختوں کی وجہ سے پیش چیلنجوں پر غور کیا جائے۔

- DPAC تسمانیئن گورنمنٹ کے ان اقدامات میں کمیونٹی سے ملنے والی معلومات کی روشنی اور کمیونٹی کی رہنمائی میں پالیسی، پروگراموں اور خدمات کے لیے مدد دے گا جو تہذیب اور نسل کے ساتھ ساتھ دوسری مختلف (انٹرسیکشنل) شناختوں جیسے صنف، جنسی رجحان، عمر اور معذوری کی وجہ سے پیش چیلنجوں کو مدنظر رکھتی ہیں۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت



## اہداف کے مطابق حکمت عملی اور وسائل کی فراہمی

### اقدام 9: تسمانیئن گورنمنٹ کی حکمت عملیاں اور ایکشن پلانز تہذیب اور نسل، زبان کی خدمات کی ضروریات اور سیٹلمنٹ سٹیٹس کے حوالے سے تسمانیئن باشندوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوں۔

- تسمانیئن گورنمنٹ کمیونٹی سے ملنے والی معلومات کی روشنی اور کمیونٹی کی رہنمائی میں ایسی پالیسی، پروگراموں، خدمات اور اقدامات کی تشکیل میں مدد دے گی جن کے لیے مناسب وسائل موجود ہوں اور جو تہذیب اور نسل، زبان کی خدمات کی ضروریات اور سیٹلمنٹ سٹیٹس کو مدّنظر رکھتے ہوں۔
- DPAC نئی حکمت عملیوں اور ایکشن پلانز کے حوالے سے تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کی ضروریات پر غور کرے گا جو بچوں کو محفوظ رکھنے، عائلی تشدّد اور جنسی تشدّد، خواندگی، رضاکارانہ کام، +LGBTIQA، کیئررز اور آفات و مسائل آنے کے بعد سب لوگوں کے لیے کافی خوراک کے معاملات سے بھی تعلق رکھتی ہیں۔
- NRE Tas تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف لوگوں کے لیے خدمات کا حصول آسان بنائے گا تاکہ وہ اپنے خیالات بتا سکیں۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

*"[ملٹی کلچرل ازم] مختلف تہذیبوں کے لوگوں کے تبادلۂ خیال اور اشتراک کار کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، زبانوں کے تنوّع کی قدر کرتا ہے اور برابر مواقع اور سماجی برابری و انصاف کو فروغ دیتا ہے۔"* ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک

## ہم محفوظ محسوس کریں

یہ تھیم اس بنیادی تشویش سے تعلق رکھتا ہے جس پر توجہ دینے کے لیے ہمیں تسمانیئن باشندوں نے کہا۔ نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک سے ہم آہنگ یہ اقدامات مل کر نسلی تعصّب کی تمام صورتوں اور اس کے اثرات کو کم کرتے ہیں - جو نظاموں، اداروں اور افراد کے بیچ پایا جاتا ہے، اور یہ نشانہ بننے والوں کو سہارا دیتے ہیں۔

### مطلوبہ نتائج

| | نتیجہ 1: | نتیجہ 2: |
|---|---|---|
| **ہمارے مطلوبہ نتائج** | نسلی تعصّب کی سب صورتوں میں کمی آئے۔ | تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز نسلی بنیادوں پر تشدّد سے محفوظ محسوس کریں۔ |
| **ہمارے فوکس ایریاز** | نسلی تعصّب سے نبٹنا اور سماجی یگانگت کا فروغ، اور حفاظت | |

ان مطلوبہ نتائج کو حاصل کرنے کے چار طریقے ہیں:

| روک تھام | | | جوابی اقدام |
|---|---|---|---|
| **نظاموں میں بنیادی تبدیلی** | **شعور بڑھانا** | **کیپیسٹی بلڈنگ (صلاحیتوں میں اضافہ)** | **مدد** |



## ہم محفوظ محسوس کریں - اقدامات کا خلاصہ

| فوکس ایریا | نمبر | اقدام | لیڈ ایجنسی (بنیادی ذمہ داری رکھنے والی ایجنسی) |
|---|---|---|---|
| **نسلی تعصّب سے نبٹنا اور سماجی یگانگت کا فروغ، اور حفاظت** | 10. | یہ یقینی بنانا کہ تسمانیہ میں قوانین اور پالیسیاں تعصّب اور نسلی تعصّب کی وجہ سے ہراسمنٹ، بلنگ، تشدّد اور جرائم سے نبٹیں۔ | DoJ / DECYP |
| | 11. | ایسے نظاموں کی تشکیل جو نفرت کی وجہ سے جرائم کو مانیٹر اور ریکارڈ کر سکتے ہوں تاکہ حالیہ اور آئندہ جوابی اقدامات کے لیے رہنمائی ملے۔ | DPFEM |
| | 12. | یہ آگہی پیدا کرنا کہ امتیازی سلوک اور نسلی تعصّب کے کن واقعات پرِسول کیس بن سکتا ہے اور کن واقعات پر کریمنل کیس بن سکتا ہے، اور نسل کی بنیاد پر واقعات میں نشانہ بننے والے یا واقعات دیکھنے والے لوگ کیسے رپورٹ کر سکتے ہیں۔ | DoJ |
| | 13. | تسمانیئنز کو اس قابل بنانا کہ وہ محفوظ طور پر کاروبار شروع کر سکیں اور چلا سکیں، جبکہ انہیں نسل کی بنیاد پر توڑپھوڑ اور تشدّد کا نشانہ بننے کا خوف نہ ہو۔ | DPFEM |
| | 14. | کمیونٹی کی رہنمائی میں مقامی اقدامات کے ذریعے نسلی تعصّب سے نبٹنا اور سماجی یگانگت بڑھانا | DPAC |
| | 15. | نسلی تعصّب کا نشانہ بننے والوں کی مدد کے لیے تھراپی سروسز میں سرمایہ کاری۔ | DPAC |

**یہ اقدامات مندرجہ ذیل سے ہم آہنگ ہیں:**

نیشنل ملٹی کلچرل فریم ورک ریویو، *انصاف کی طرف گامزن: سب کے لیے ایک ملٹی کلچرل آسٹریلیا۔*

*آسٹریلین ہیومن رائٹس کمیشن کا نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک (National Anti-Racism Framework)۔*

کلوزنگ دی گیپ (فرق مٹانے کا) نیشنل ایگریمنٹ 2020, ترجیحی اصلاح -3 گورنمنٹ میں مکمل تبدیلی۔



## نسلی تعصّب سے نبٹنا اور سماجی یگانگت کا فروغ، اور حفاظت

### اقدام 10: یہ یقینی بنانا کہ تسمانیہ میں قوانین اور پالیسیاں تعصّب اور نسلی تعصّب کی وجہ سے ہراسمنٹ، بُلنگ، تشدّد اور جرائم سے نبٹیں۔

- DoJ سینٹنسنگ ایکٹ (سزا کے تعیّن کا قانون) کے سیکشن 11B کو وسعت دینے (Sentencing Advisory Council Report کی سفارشات کے مطابق) کے مواقع پر غور کرے گا تاکہ اس میں وہ دوسرے پہلو شامل کیے جائیں جن کا تعصّب کی بنا پر جرائم سے تعلق ہو سکتا ہے۔
- DoJ 'امتیازی سلوک کے خلاف کمیشنر' کے مشورے کو ملحوظ رکھنا بھی جاری رکھے گا جس میں مزید نظر ثانی اور اصلاح طلب کرنے والے قانونی معاملات واضح کیے گئے ہوں۔
- DECYP کئی متعلقہ ایکٹس کا تفصیلی ریویو انجام دینا بھی جاری رکھے گا جن میں یہ شامل ہیں: *یوتھ جسٹس ایکٹ 1997 (Youth Justice Act 1997)*، *ٹیچرز رجسٹریشن ایکٹ 1992 (Teachers Registration Act 1992)* اور بچوں، *نوعمر افراد اور ان کے گھرانوں کے متعلق ایکٹ 1997 (Children, Young People and Their Families Act 1997)*۔ ان ریویوزمیں یہ قوی سوچ کارفرما ہے کہ قوانین کو زمانے کے مطابق جدید بنانا یقینی ہو، اور بچوں کے بین الاقوامی انسانی حقوق کا تحفظ کیا جائے جن میں کلچرل سیفٹی بھی شامل ہے۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

### اقدام 11: ایسے نظاموں کی تشکیل جو نفرت کی وجہ سے جرائم کو مانیٹر اور ریکارڈ کر سکتے ہوں تاکہ حالیہ اور آئندہ جوابی اقدامات کے لیے رہنمائی ملے۔

- DPFEM تعصّب کی بنا پر جرائم سے متعلق ڈیٹا اکٹھے کرنے کا کام بہتر بنائے گا۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

*"ایک دوسرے کی قدر کرنے اور ایک دوسرے سے سیکھنے سے ہم اپنی عالمی کمیونٹی کے متعلق گہری فہم پیدا کر سکتے ہیں۔"*

*ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

### اقدام 12: یہ آگہی پیدا کرنا کہ امتیازی سلوک اور نسلی تعصّب کے کن واقعات پر سول کیس بن سکتا ہے اور کن واقعات پر کریمینل کیس بن سکتا ہے، اور نسل کی بنیاد پر واقعات میں نشانہ بننے والے یا واقعات دیکھنے والے لوگ کیسے رپورٹ کر سکتے ہیں۔

- DoJ امتیازی سلوک کے خلاف کمیشنر کے دفتر (Office of the Anti-Discrimination Commissioner, OADC) اور ایڈوائزری گروپ کے ساتھ اس مقصد کے لیے کام کرے گا کہ رپورٹنگ کے سلسلے میں لوگوں کو زیادہ محفوظ بنایا جائے اور جائے کار پر امتیازی سلوک اور دوسرے ممنوعہ طرز عمل (جیسے وِکٹمائزیشن یعنی زیادتیاں) کی رپورٹنگ کے لیے زیادہ راستے مہیا کیے جائیں۔
- DoJ تسمانیہ پولیس اور OADC کے ساتھ اشتراکِ کار بڑھانے کے طریقوں پر غور کرے گا تاکہ تسمانیہ میں نسلی تعصّب سے نبٹنے کے قانونی ذرائع کے متعلق اہم سٹیک ہولڈرز کے ساتھ پارٹنرشپ کے ذریعے ایک مشترکہ اقدام کیا جائے۔
- عوام میں یہ شعور بڑھانے کے لیے مہموں میں بھی اضافہ کیا جائے گا کہ امتیازی سلوک، وِکٹمائزیشن (زیادتیاں) اور دوسرا ممنوعہ طرز عمل خلافِ قانون ہے۔
- OADC نسلی تعصّب کی رپورٹ کرنے کے لیے ایک ویسا کمیونٹی رپورٹنگ ٹول بنائے گا جیسا ٹول وکٹوریہ میں برابر مواقع اور انسانی حقوق کے کمیشن (Victorian Equal Opportunity and Human Rights Commission) نے بنایا ہے۔ شکایت اور رپورٹ کرنے کے لیے OADC کے فارموں کا مختلف زبانوں میں ترجمہ کیا جائے گا۔
- DPFEM تین سالہ تسمانیہ پولیس کمیونٹی انگیجمنٹ سٹریٹجی بنائے گا۔
- DECYP اپنی ایجنسی کے تمام کاموں میں بچوں اور نوعمر افراد کے حقوق، اور خاص طور پر تعلیم کے حق، کا تحفظ جاری رکھے گا تاکہ وہ خود کو متاثر کرنے والے فیصلوں پر اثرانداز ہو سکیں اور نقصان سے محفوظ رہیں۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

### اقدام 13: تسمانیئنز کو اس قابل بنانا کہ وہ محفوظ طور پر کاروبار شروع کر سکیں اور چلا سکیں، جبکہ انہیں نسل کی بنیاد پر توڑپھوڑ اور تشدّد کا نشانہ بننے کا خوف نہ ہو۔

- DPAC تسمانیئن کاروباروں کی ضروریات پر غور اور انہیں پورا کرنے کے لیے ایڈوائزری گروپ کے ساتھ کام کرے گا۔
- تسمانیہ پولیس لوکل کاؤنسلز اور کاروباروں کے ساتھ مثبت تعلقات بنانا جاری رکھے گی تاکہ کاروباری کمیونٹی سمیت سبھی کمیونٹیوں کو محفوظ بنایا جائے۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

*”ہم زیادہ رحمدل، زیادہ ہمدرد اور زیادہ کشادہ ذہن افراد بنتے ہیں۔ ملٹی کلچرل ازم کے ذریعے ہی ہم حقیقتاً ایسی دنیا بنا سکتے ہیں جہاں ہم اپنے بیچ فرق کو ایک خوبصورت چیز سمجھتے ہوں اور ہم سب کو جوڑنے والی مشترکہ چیزوں پر خوش ہوتے ہوں۔“* ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک

### اقدام 14: کمیونٹی کی رہنمائی میں مقامی اقدامات کے ذریعے نسلی تعصّب سے نبٹنا اور سماجی یگانگت بڑھانا

- DPAC اس مقصد کے لیے ایڈوائزری گروپ کے ساتھ کام کرے گا کہ ان اقدامات کے لیے ترجیحات پر باقاعدگی سے نظرثانی کی جائے جو مقامی سطح اور سٹیٹ کی سطح پر نسلی تعصّب سے نبٹتے ہوں اور سماجی یگانگت بڑھاتے ہوں۔
- DPAC ’سماجی یگانگت کے لیے چھوٹی گرانٹس کے پروگرام‘ کے تحت فنڈنگ سے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لے گا اور درخواستوں کے ذریعے ان گرانٹس کی مانگ پر بھی غور کرے گا تاکہ آئندہ اقدامات کے لیے معلومات ملیں۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

### اقدام 15: نسلی تعصّب کا نشانہ بننے والوں کی مدد کے لیے تھراپی سروسز میں سرمایہ کاری۔

- تسمانیئن گورنمنٹ نسلی تعصّب سہنے والوں (وِکٹم سروائیورز) کی مدد کے لیے پروگرامز تیار کرنے کی خاطر ایڈوائزری گروپ کے ساتھ کام کرے گی۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل المدّت

*”مختلف تہذیبی پس منظروں کے لوگ خوشی سے اکٹھے رہتے اور کام کرتے ہیں، اپنی تہذیب میں ایک دوسرے کو شریک کرتے ہیں اور ایک بہتر کمیونٹی کی طرف بڑھنے اور اپنا کردار ادا کرنے میں ایک دوسرے کو سہارا دیتے ہیں۔“* ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک

## ہم شریک ہوں

یہ ترجیح تسمانیئنز کو ان کی نسل، زبان کی استعداد یا تارکین وطن ہونے کی وجہ سے پیش نظاموں میں بڑی سٹرکچرل رکاوٹوں سے نبٹنے کے متعلق ہے تاکہ وہ زندگی کے سب پہلوؤں میں شریک ہو سکیں اور اپنے اہداف حاصل کر سکیں۔ اس میں تفریحی سرگرمیوں میں شرکت، شہری اور جمہوری معاملات میں کردار، اپنی دلچسپی کے مطابق اور اپنی قابلیتوں کو نکھارنے والی تعلیم اور تربیت کا حصول اور اپنے لیے روزگار اور کاروبار کے مواقع کو زیادہ سے زیادہ بڑھانا شامل ہے۔

### مطلوبہ نتائج

| | | | |
|---|---|---|---|
| **ہمارے مطلوبہ نتائج** | **نتیجہ 3:**<br>تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز محسوس کریں کہ ان کی صلاحیتوں کی افزائش کی جاتی ہے اور معاشرے میں کردار ادا کرنے اور کامیابی حاصل کرنے کے لیے ان کی صلاحیتوں کو کام میں لایا جاتا ہے۔ | | |
| **ہمارے فوکس ایریاز** | سماجی، تہذیبی اور شہری معاملات میں شرکت | تعلیم (چھوٹے بچوں کی تعلیم سے لے کر اعلیٰ تعلیم تک) اور تربیت | معاشی شرکت |

*"ہماری افرادی قوت متنوّع پس منظر رکھتی ہے جو آسٹریلیا کے معاشرتی تانے بانے کی عکاسی ہے۔"* *ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*



## ہم شریک ہوں - اقدامات کا خلاصہ

| فوکس ایریا | نمبر | اقدام | لیڈ ایجنسی (بنیادی ذمہ داری رکھنے والی ایجنسی) |
|---|---|---|---|
| **سماجی، تہذیبی اور شہری معاملات میں شرکت** | 16. | تسمانیہ کی تارک وطن کمیونٹیوں میں جمہوری سٹرکچرز، شہری نظم و نسق اور ووٹنگ کا شعور بڑھانا۔ | DoJ |
| | 17. | تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز میں آرٹس اور کلچر کے حوالے سے صلاحیت بڑھانے کے لیے سرمایہ کاری، جس میں کمیونٹیوں کو اظہار اور اپنی داستانیں سنانے کا موقع دینے کے لیے آرٹس اور کلچر کے مخصوص مقامات مہیا کرنا بھی شامل ہے۔ | DPAC / DSG |
| | 18. | آرٹس اور ایسے سماجی ایونٹس میں سرمایہ کاری جو کلچرل تبادلے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور سماجی یگانگت بڑھاتے ہیں۔ | DPAC |
| | 19. | تسمانیہ میں تارکین وطن اور پناہ گزینوں کو سماجی، تفریحی اور کھیلوں کی سرگرمیوں میں آنے کے لیے مدد دینا۔ | NRE Tas |
| | 20. | تسمانیہ میں تارکین وطن اور پناہ گزینوں کو پانی میں محفوظ رہنے کے متعلق تعلیم دینا اور تیرنا سکھانا۔ | DSG |
| **تعلیم (چھوٹے بچوں کی تعلیم تا اعلیٰ تعلیم) اور تربیت** | 21. | تارکین وطن اور پناہ گزینوں کے لیے خواندگی اور زبان کے کورسوں تک رسائی یقینی بنانا۔ | DPAC / DECYP |
| **معاشی شرکت** | 22. | تسمانیئن گورنمنٹ کی ایجنسیوں میں تہذیبی تنوّع بڑھانے کی خاطر برابری و انصاف کے اقدامات پر نظر ثانی اور غور، اور ان کی پیش رفت کی مانیٹرنگ۔ | DPAC |
| | 23. | تسمانیہ میں کام کی جگہوں کو سب تہذیبوں کو شامل کرنے والی اور محفوظ بنانے کا کام جاری رکھا جائے۔ | DPAC |
| | 24. | انڈسٹری اور آجروں کے ساتھ کام کرتے ہوئے ایسے وسائل تیار اور شائع کیے جائیں جن سے آجروں کو ویزے کے حامل افراد کو کام دینے اور تارکین وطن کی صلاحیت کو پہچاننے میں مدد ملے۔ | DSG |
| | 25. | تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف گھرانوں سے تعلق رکھنے والے تسمانیئنز میں کاروبار شروع کرنے اور پھیلانے کی صلاحیت بڑھائی جائے۔ | DSG |
| | 26. | نوعمر افراد کے لیے خصوصی تربیت اور روزگار کے راستے فراہم کرنا۔ | DECYP / DSG / NRE Tas |

## ہم شریک ہوں - اقدامات کا خلاصہ

### سماجی، تہذیبی اور شہری معاملات میں شرکت

**اقدام 16: تسمانیہ کی تارک وطن کمیونٹیوں میں جمہوری سٹرکچرز، شہری نظم و نسق اور ووٹنگ کا شعور بڑھانا۔**

- تسمانیئن الیکٹورل کمیشن (TEC) کے 2023 کے آرگنائزیشنل ریویو کی روشنی میں DoJ ایک ایجوکیشن اینڈ انگیجمنٹ آفیسر بھرتی کرے گا جو Accessibility and Inclusion Coordinator (سب لوگوں کی رسائی اور شمولیت بڑھانے کے کاموں کا کوآرڈینیٹر) کے ساتھ کام کرتے ہوئے متعلقہ سٹیک ہولڈرز سے واسطہ رکھے گا تاکہ تسمانیئن کمیونٹیوں میں لوگوں تک پہنچا جائے اور ان معاملات پر کام کیا جائے۔
- TEC تسمانیہ کی تارک وطن اور ملٹی کلچرل کمیونٹیوں کی شرکت بڑھانے کی خاطر کمیونیکیشن اور انگیجمنٹ کی حکمت عملیاں تشکیل دینے کے لیے سٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام کرے گا۔
- تسمانیئن گورنمنٹ کے سکول آسٹریلین کریکولم (نصاب) پڑھانا جاری رکھیں گے جس میں جمہوری سٹرکچرز، شہری نظم و نسق اور ووٹنگ کے متعلق مواد شامل ہے۔
- DECYP نیشنل سکولز کانسٹیٹیوشنل کنونشن کو جاری رکھے گا جو تسمانیئن گورنمنٹ کے سکولوں کے طالبعلموں کے لیے قومی سطح پر شہری اور شہریت کے معاملات میں شرکت کا موقع ہے، اور سالانہ What Matters? (سکول کے طلبہ کے لیے تحریری مقابلہ) میں شرکت کی حوصلہ افزائی کرے گا۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل المدّت

> *"ایسا ماحول جس میں لوگ اپنے تہذیبی ورثے کے اظہار اور دوسروں کے تہذیبی ورثے کے متعلق سیکھنے کے لیے خود کو آزاد محسوس کریں، آپس میں بات چیت، پبلک ایونٹس اور آرٹس کے ذریعے۔"* ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک

**اقدام 17: تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز میں آرٹس اور کلچر کے حوالے سے صلاحیت بڑھانے کے لیے سرمایہ کاری، جس میں کمیونٹیوں کو اظہار اور اپنی داستانیں سنانے کا موقع دینے کے لیے آرٹس اور کلچر کے مخصوص مقامات مہیا کرنا بھی شامل ہے۔**

- DPAC جنوبی تسمانیہ میں ایک کامیاب ملٹی کلچرل ہب بنانے کے لیے MCOT اور Glenorchy City Council کے ساتھ کام کرے گا جو نئی آنے والی اور پہلے سے بسنے والی مختلف تہذیبی کمیونٹیوں کے ایونٹس اور میل جول کے لیے استعمال ہو گا۔
- تسمانیئن گورنمنٹ صلاحیت، قابلیت اور مقامات بڑھانے کے مزید مواقع تلاش کرنے کے لیے ایڈوائزری گروپ کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔
- DSG ملٹی کلچرل کمیونٹی آرگنائزیشنز کو درکار اس اضافی مدد پر غور کرے گا جو گرانٹس اور آرٹس اور کلچر کے فروغ کے اقدامات کے متعلق معلومات حاصل کرنے، درخواست دینے اور ان میں حصہ لینے کے لیے چاہیے۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل المدّت



### اقدام 18: کلچرل تبادلے کی حوصلہ افزائی اور سماجی یگانگت کے فروغ کے لیے آرٹس اور سماجی ایونٹس میں سرمایہ کاری۔

- DPAC یہاں منائے جانے والے تہواروں جیسے Festia Italia ،Estia، جینی سالِ نو اور دیوالی کے لیے گرانٹس کا انتظام سنبھالے گا۔
- DPAC ملٹی کلچرل کمیونٹی فیسٹیولز سمال گرانٹس پروگرام بنائے گا اور گرانٹس فراہم کرے گا جس کے تحت نئی اور ابھرتی ہوئی کمیونٹیوں کے کلچرل ایونٹس منانے کے لیے دو سال کی مدت میں $80,000 دیے جائیں گے۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل المدّت

### اقدام 19: تسمانیہ میں تارکین وطن اور پناہ گزینوں کو سماجی، تفریحی اور کھیلوں کی سرگرمیوں میں آنے کے لیے مدد دینا۔

- NRE Tas کے زیر انتظام *تسمانیہ میں سمندر میں تفریحی فشنگ کی حکمت عملی برائے 2021-2030* *(Tasmanian Recreational Sea Fishing Strategy 2021-2030)* میں فِش کیئر پروگرام میں تازہ تبدیلیاں کرنے کا اقدام شامل ہے تاکہ تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف شکاریوں سمیت جن دوسرے گروہوں تک معلومات پہنچانا ترجیحاً مطلوب ہے، ان کے ساتھ واسطہ بہتر ہو سکے۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل المدّت

### اقدام 20: تسمانیہ میں تارکین وطن اور پناہ گزینوں کو پانی میں محفوظ رہنے کے متعلق تعلیم دینا اور تیرنا سکھانا۔

- DSG تسمانیہ میں تارکین وطن اور پناہ گزینوں کو پانی میں محفوظ رہنے کے متعلق تعلیم دینے اور تیرنا سکھانے کے لیے فنڈنگ کے مواقع پر غور کرے گا۔
- DECYP تسمانیئن گورنمنٹ کے سکولوں کے طالبعلموں کو سوئمنگ اور واٹر سیفٹی پروگرام فراہم کرنا جاری رکھے گا۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل المدّت

## تعلیم (چھوٹے بچوں کی تعلیم تا اعلیٰ تعلیم) اور تربیت

### اقدام 21: تارکین وطن اور پناہ گزینوں کے لیے خواندگی اور زبان کے کورسوں تک رسائی یقینی بنانا۔

- *خواندگی میں اضافے کے امپلیمینٹیشن پلان 2024-2026* کا اقدام 12 تمام عمروں کے تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف طالبعلموں کو سکولوں، لائبریریوں اور TasTAFE میں مدد دیتا ہے جس کے لیے باقاعدہ ہدف کے تحت خواندگی بڑھانے اور کمیونٹی زبانوں میں پڑھنے سے متعلق سرگرمیوں کے مواقع پیش کیے جائیں گے۔
- DECYP سکولوں اور لائبریریوں میں بول حال کی انگلش سیکھنے کی موجودہ خدمات اور پروگرام فراہم کرنا جاری رکھے گا۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

## معاشی شرکت

### اقدام 22: تسمانیئن گورنمنٹ کی ایجنسیوں میں تہذیبی تنوّع بڑھانے کی خاطر برابری و انصاف کے اقدامات پر نظر ثانی اور غور، اور ان کی پیش رفت کی مانیٹرنگ۔

- SSMO تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف کارکنوں کو ملازمتیں دینے اور ملازمت میں رکھنے، اور انہیں لیڈرشپ تک لے جانے والے راستوں تک رسائی دینے کے اقدامات پر نظرثانی اور ان میں تبدیلیاں کرے گا۔
- ایکشن پلان *Belonging at NRE Tas* کے ذریعے NRE Tas اہم معاملات کو بہتر بنانا جاری رکھے گا جیسے ملازمتیں دینے کے عمل میں سب کو شامل کرنا، انسانی تنّوع اور سب کو شامل کرنے کی پالیسیوں سے سب لوگوں کا واقف ہونا یقینی بنانا اور انسانی تنّوع کے متعلق ڈیٹا کے حصول اور رپورٹنگ کے طریقوں کو بہتر بنانا۔
- DoJ کی *Diversity, Equity and Inclusion Strategy (تنوّع، برابری و انصاف اور سب کی شمولیت کی حکمت عملی)* میں تہذیبی اور لسانی تنوّع کو ایک ترجیحی معاملہ قرار دیا گیا ہے اور آئندہ سال میں اس معاملے پر زیادہ توجہ دی جائے گی۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت



### اقدام 23: تسمانیہ میں کام کی جگہوں کو سب تہذیبوں کو شامل کرنے والی اور محفوظ بنانا جاری رکھا جائے۔

- SSMO ایڈوائزری گروپ اور اپنے عملے کے ساتھ کام کرتے ہوئے غور کرے گا کہ انڈکشن (ملازمت کے متعلق تعارفی معلومات)، تربیت، اہم دنوں کو منانے اور نسلی تعصّب کے واقعات کی رپورٹنگ کے واضح عمل کے ذریعے کلچرل سیفٹی کو کیسے بڑھایا جا سکتا ہے۔
- DoJ ایک Respectful Relationships (احترام کے حامل تعلقات) پروگرام تشکیل دے گا جو احترام کے حامل تعلقات بنانے کی بنیاد کے طور پر ایموشنل انٹیلیجنس (اپنے جذبات کو سنبھالنا اور دوسروں کے جذبات کا احساس کرنا) کے استعمال، کام پر مثبت اور اقدار کی بنیاد پر طرز عمل کے ذریعے رہنمائی، بُلنگ، امتیازی سلوک اور ہراسمنٹ کی روک تھام اور جوابی اقدامات، اور کام پر سب کی عمومی شمولیت، غیر شعوری تعصّب، تہذیبی شعور، سٹیریوٹائپنگ (بعض گروہوں کے سب افراد سے ناحق ایک جیسی خصوصیات وابستہ کرنا) اور سائیکوسوشل سیفٹی (کام پر ذہنی صحت اور سماجی تعلق کے حوالے سے محفوظ ہونا) کے متعلق تربیت دے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ DoJ کام پر طرزعمل کے متعلق اپنی تمام پالیسیوں پر بھی نظر ثانی اور ان میں تبدیلیاں کرے گا۔
- NRE Tas کلچرل سیفٹی بڑھانے کے لیے اپنے ملازمین کو Respectful Workplace Training (کام کی جگہوں پر احترام روا رکھنے کی تربیت) اور کلچرل سیفٹی ٹریننگ دینا جاری رکھے گا۔
- Homes Tas اپنے عملے کو کلچرل سیفٹی اور تہذیبی شعور کی تربیت پیش کرنا جاری رکھے گا اور عملے سے معلوم کرے گا کہ وہ کونسے تہذیبی دن/تہوار منانا چاہتے ہیں۔
- DSG کی *انسانی تنوّع، برابری و انصاف اور سب کو شامل کرنے کی حکمت عملی* 2022-25 کام کی جگہوں پر انسانی تنوّع، سب کی شمولیت اور برابری و انصاف بڑھانے کا عزم واضح کرتی ہے۔ اس حکمت عملی کے ساتھ ساتھ ایکشن پلانز کا ایک سلسلہ استعمال کیا جائے گا اور اس کے تحت جائے کار پر انسانی تنوّع اور سب کی شمولیت بڑھانے، محفوظ اور احترام کی حامل جائے کار بنانے اور سہارا دینے والے اور سب کو شامل کرنے والے ورک پلیس کلچر کے لیے کوششیں کی جائیں گی۔
- DECYP مینیجرز اور پرنسپلز کے لیے لازمی تربیت متعارف کروائے گا جس میں کام کی جگہوں پر امتیازی سلوک کی روک تھام کو مرکزی اہمیت حاصل ہو گی۔ اس تربیت میں نسلی تعصّب کے خلاف مؤثر حکمت عملیوں پر توجہ دی جائے گی جس سے لیڈرز کو اپنی انتظامی صلاحیتیں بڑھانے اور تمام عملے کو بہتر سہارا دینے کی خاطر تقویت ملے گی۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

### اقدام 24: انڈسٹری اور آجروں کے ساتھ کام کرتے ہوئے ایسے وسائل تیار اور شائع کیے جائیں جن سے آجروں کو ویزے کے حامل افراد کو کام دینے اور تارکین وطن کی قابلیت کو پہچاننے میں مدد ملے۔

- DSG انڈسٹری اور آجروں کے ساتھ اس مقصد سے واسطے کے طریقوں پر غور کرے گا کہ وہ آسٹریلین گورنمنٹ کے مائیگریشن پروگرامز اور سروسز اور تسمانیئن گورنمنٹ کے متعلقہ پروگرامز کے بارے میں معلومات حاصل کریں، اور ایسے وسائل تیار اور شائع کرے گا جن سے آجر ویزے کے حامل افراد کو کام دینے اور تارکین وطن کی قابلیت کو پہچاننے میں بہتر بن سکیں۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

## اقدام 25: تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف گھرانوں سے تعلق رکھنے والے تسمانیئنز میں کاروبار شروع کرنے اور پھیلانے کی صلاحیت بڑھائی جائے۔

- DSG ملٹی کلچرل سمال بزنس گرانٹ پروگرام کے ذریعے چھوٹے کاروباروں کو معلومات حاصل کرنے، کوچنگ اور ٹریننگ میں، یا ترقی میں معاون پراجیکٹس فراہم کرنے میں مدد دے گا۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

## اقدام 26: نوعمر افراد کے لیے خصوصی تربیت اور روزگار کے راستے فراہم کیے جائیں۔

- DECYP بچوں اور نوعمر افراد کو ساتھ لے کر چلنے اور تقویت دلانے کا عزم رکھتا ہے۔ *بچوں کے حقوق پر اقوام متحدہ کا کنونشن (UN Convention on the Rights of the Child)* ہمیں پابند کرتا ہے کہ ہم اپنے تمام کام میں بچوں کے خیالات سنیں اور ان پر غور کریں۔ اس سلسلے میں DECYP 'بچوں کی شرکت اور انہیں تقویت دلانے کی حکمت عملی' تشکیل دے رہا ہے۔ یہ حکمت عملی بچوں اور نوعمر افراد کے ساتھ واسطے کے لیے ایک واضح پلان فراہم کرے گی۔
- DSG ان اداروں میں ٹریننگ اینڈ ورک پاتھ ویز پروگرام (TWPP) کے فروغ کے طریقوں پر غور کرے گا جو تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف نوجوانوں کے ساتھ کام کر رہے ہیں یا ان کے لیے مواقع پیدا کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔
- NRE Tas ملٹی کلچرل کمیونٹیوں میں اینٹری لیول پروگرامز پیش کرنے کے طریقوں پر غور کرے گا تاکہ بہت سے مختلف درخواست گزاروں کو راغب کیا جا سکے۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

**یہ اقدامات مندرجہ ذیل سے ہم آہنگ ہیں:**

*کلوزنگ دی گیپ (فرق مٹانے کا) نیشنل ایگریمنٹ 2020*, ترجیحی اصلاح -3 گورنمنٹ میں مکمل تبدیلی۔



## ہماری وابستگی

یہ ترجیح یہ یقینی بنانے سے تعلق رکھتی ہے کہ خدمات اور پروگرامز میں سب تہذیبوں کو شامل کیا جاتا ہے اور یہ تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کے لیے محفوظ ہیں۔

### مطلوبہ نتائج

| | |
|---|---|
| **ہمارے مطلوبہ نتائج** | **نتیجہ 4:**<br>تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز محسوس کریں کہ انھیں تسلیم کیا جاتا ہے اور ان کی قدر کی جاتی ہے، اور ان کی ضروریات کو تہذیبی لحاظ سے محفوظ اور قابلِ رسائی خدمات کے ذریعے پورا کیا جاتا ہے۔ |
| **ہمارے تھیمز** | معلومات کی فراہمی۔ — بچے، نوعمر افراد اور گھرانے۔ — صحت اور اچھی کیفیت۔ — ہاؤسنگ۔ |

## ہماری وابستگی - اقدامات کا خلاصہ

| فوکس ایریا | نمبر | اقدام | لیڈ ایجنسی (بنیادی ذمہ داری رکھنے والی ایجنسی) |
|---|---|---|---|
| **معلومات کی فراہمی** | 27. | خاص طور پر تارکین وطن اور تہذیبی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کے لیے پروگراموں اور خدمات کے متعلق معلومات۔ | DPAC |
| **بچے، نوعمر افراد اور گھرانے** | 28. | بچوں اور نوعمر افراد کو شامل کرنے کے لیے خاص انگیجمنٹ پروگرامز فراہم کیے جائیں۔ | DPAC / NRE Tas |
| | 29. | ویزا ہونے یا نہ ہونے سے قطع نظر، گھرانوں کو کلچرل سیفٹی کا خیال رکھتے ہوئے امدادی خدمات اور عائلی اور جنسی تشدّد کے معاملات میں خدمات فراہم کی جائیں۔ | DoJ / DPAC |
| **صحت اور اچھی کیفیت** | 30. | نظامِ صحت اور تھراپی سروسز کو نسل کے حوالے سے صحت اور ذہنی صحت کی ضروریات کو بہتر سمجھ پانے کے لیے مدد دینا۔ | DoH |
| | 31. | کلچرل سیفٹی کا خیال رکھتے ہوئے ذہنی صحت کے مسائل کی روک تھام کی مہمیں چلائی جائیں۔ | DoH |
| | 32. | پوسٹ نیٹل (ماں بننے پر) ڈپریشن کو توجہ دی جائے اور کلچرل سیفٹی کا خیال رکھنے والی مدد بڑھائی جائے۔ | DoH |
| | 33. | تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف کمیونٹیوں کو جوئے بازی کے نقصانات کے متعلق مسلسل درست، ٹارگٹ کے تحت اور کلچرل سیفٹی کا خیال رکھنے والی معلومات دینے میں رہنمائی کی خاطر کمیونیکیشن سٹریٹجی بنائی جائے۔ | DPAC |
| **ہاؤسنگ** | 34. | متعلقہ زبانوں میں تارکین وطن کو، اور تارک وطن مالکان مکان اور کرایہ داروں کو، کرایہ داری کے ضمن میں حقوق کے متعلق معلومات اور تربیت دی جائے۔ | DoJ |
| | 35. | تسمانیہ میں پناہ گزینوں اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آنے والوں کے لیے قیام کا بندوبست کیا جائے اور ہاؤسنگ سپّورٹ ورکرز فراہم کیے جائیں۔ | Homes Tas / DPAC |

## ہماری وابستگی - اقدامات

### معلومات کی فراہمی

**اقدام 27: تارکین وطن اور تہذیبی لحاظ سے مختلف تسمانیئنزکو پروگراموں اور خدمات کے متعلق بالخصوص معلومات دی جائیں۔**

- DPAC اس مقصد کے لیے ایڈوائزری گروپ کے ساتھ کام کرے گا کہ معلومات کی ضرورت رکھنے والے گروہوں، اور معلومات کے مناسب مواد اور فارمیٹ پر غور کیا جائے۔ اس سلسلے میں ملٹی کلچرل ایکسیس پوائنٹ کا ریویو (جائزہ) بھی کیا جائے گا۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل المدّت

*"جب لوگوں کو ہمارے معاشرے میں خوش آمدید کہا جاتا ہو اور ہم انہیں پوری طرح معاشرے کا حصہ بننے میں مدد دینے والی خدمات مہیا کرتے ہوں۔"*

*ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

### بچے، نوعمر افراد اور گھرانے

**اقدام 28: بچوں اور نوعمر افراد کے لیے خاص انگیجمنٹ پروگرامز فراہم کیے جائیں۔**

- DPAC اس مقصد کے لیے ایڈوائزری گروپ کے ساتھ کام کرتے ہوئے بچوں اور نوعمر افراد کے لیے خاص انگیجمنٹ پروگرامز پر غور کرے گا جو متعلقہ اور کلچرل سیفٹی کا خیال رکھنے والے ہوں، اور دیکھے گا کہ تسمانیہ میں ان پر کیسے عمل کیا جا سکتا ہے۔
- NRE Tas کے زیر انتظام، *تسمانیہ میں سمندر میں تفریحی ِفشنگ کی حکمت عملی برائے 2030-2021* میں نوعمر اور تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کو شریک کرنے کو اہمیت دی گئی ہے تاکہ ِفشنگ اور مچھلیوں کے تحفظ اور مینیجمنٹ کی سرگرمیوں تک زیادہ لوگوں کی رسائی یقینی بنائی جائے۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

*"جب ہمارے بچوں کے لیے سکول جانا اور سپورٹس کھیلنا ممکن ہو، بغیر اس کے کہ ان کی رنگت، لباس یا اپنی زبان بولنے کے متعلق کوئی تبصرے کیے جائیں۔ جب ان کے لیے اپنے گھرانوں کے ساتھ ہونا محفوظ ہو اور وہ اپنے وجود اور شناخت کا اظہار کر سکتے ہوں۔"*

*ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

**اقدام 29: ویزا ہونے یا نہ ہونے سے قطع نظر، گھرانوں کو کلچرل سیفٹی کا خیال رکھتے ہوئے امدادی خدمات اور عائلی اور جنسی تشدّد کے معاملات میں خدمات فراہم کی جائیں۔**

- DoJ ان کمیونٹی آرگنائزیشنز کے لیے فنڈنگ اور ان کے متعلق آگہی بڑھائے گا جو تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف وِکٹم سروائیورز، ان کے بچوں اور گھرانوں کی مدد کرتی ہیں۔
- DoJ انٹرپریٹنگ سروسز کے لیے بھی فنڈنگ، آگہی اور رسائی بہتر بنائے گا تاکہ سروسز اور عدالتوں کو زیادہ انٹرپریٹرز مل سکیں۔
- DPAC ان کمیونٹی آرگنائزیشنز میں کلچرل سیفٹی کے حامل طور طریقوں کے نفاذ میں مدد دینا جاری رکھے گا جو وِکٹم سروائیورز، ان کے بچوں اور گھرانوں کی مدد کرتی ہیں۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

## صحت اور اچھی کیفیت

**اقدام 30: نظامِ صحت اور تھراپی سروسز کو نسل کے حوالے سے صحت اور ذہنی صحت کی ضروریات کو بہتر سمجھ پانے کے لیے مدد دی جائے۔**

DoH کی پبلک ہیلتھ سروسز:

- DoH کے تمام عملے کے لیے کلچر، لینگوئج اینڈ ہیلتھ کی آن لائن تربیت اور معلوماتی وسائل عام کریں گی اور مانیٹرنگ کریں گی۔
- آسٹریلین ریڈ کراس بائی کلچرل ہیلتھ پراجیکٹ کے ساتھ حالیہ فنڈنگ ایگریمنٹ کو جاری رکھیں گی۔
- مائیگرینٹ سپّورٹ نیٹ ورک کو اشتراک کار، خدمات کے ربط اور ریفرل، تربیت اور معلوماتی وسائل کی فراہمی اور ایڈووکیسی کا پلیٹ فارم بننے کے لیے مدد دیں گی۔
- اگلے ہیلتھ لٹریسی ایکشن پلان کو حتمی شکل دیں گی جس سے DoH کے عملے اور باقی شعبۂ صحت کو ہیلتھ لٹریسی کو سمجھنے اور تقویت دینے کی صلاحیت حاصل ہو گی۔

DoH کی سٹیٹ وائیڈ مینٹل ہیلتھ سروسز:

- سیکٹر کے ساتھ اشتراک کار کے ذریعے ذہنی صحت کے خاص اقدامات کریں گی تاکہ ذہنی صحت کی خدمات میں مختلف گروہوں کے لیے کلچرل سیفٹی مہیا ہو اور خدمات ان کے لیے مناسب ہوں۔
- DoH کے منظور کردہ آن لائن تعلیمی وسائل (کلچر، لینگوئیج اینڈ ہیلتھ) کی تربیت کو کمیونٹی سیکٹر آرگنائزیشنز میں متعارف کروائیں گی۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

> *”جب مختلف تہذیبوں کے لوگ ہم آہنگی سے اکٹھے زندگی گزار رہے ہوں۔“*
>
> *ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

### اقدام 31: ذہنی صحت کے مسائل کی روک تھام کے لیے کلچرل سیفٹی کی حامل مہمیں چلائی جائیں۔

- DoH کی پبلک ہیلتھ سروسز صحت عامّہ کی تمام معلوماتی مہموں میں کمیونٹی کمیونیکیشنز کا ترجمہ کروانے کے مواقع پر غور کریں گی اور مناسب فارمیٹس کی پروڈکشن کے لیے کمیونٹی پارٹنرز اور اہم سٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام کرنا جاری رکھیں گی۔
- DoH کی مینٹل ہیلتھ، الکحل اینڈ ڈرگ ڈائریکٹوریٹ حکمت عملی کی ترجیحات سے ہم آہنگ روک تھام کے اقدامات پر توجہ دے گی اور اقدامات میں مدد کے لیے اہم سٹیک ہولڈرز کے ساتھ پارٹنرشپ رکھے گی۔
- DoH کی مینٹل ہیلتھ، الکحل اینڈ ڈرگ ڈائریکٹوریٹ کمیونٹی میں ذہنی صحت کے فروغ کے لیے پرائمری ہیلتھ اور ویل نیس کلینکس کے ساتھ اشتراکِ کار رکھے گی۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

### اقدام 32: پوسٹ نیٹل (ماں بننے کے بعد) ڈپریشن پر توجہ اور کلچرل سیفٹی کی حامل مدد میں اضافہ۔

- DoH کی سٹیٹ وائیڈ مینٹل ہیلتھ سروسز 'مدر اینڈ بے بی یونٹ' اور 'پیرینیٹل مینٹل ہیلتھ سروسز' فراہم کرنا جاری رکھیں گی۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

### اقدام 33: تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف کمیونٹیوں کو جوئے بازی کے نقصانات کے متعلق مسلسل درست، ٹارگٹ کے تحت اور کلچرل سیفٹی کا خیال رکھنے والی معلومات دینے میں رہنمائی کی خاطر ایک کمیونیکیشنز سٹریٹجی بنائی جائے۔

- DPAC اس حکمت عملی پر چلنے کے لیے گیمبلنگ سپّورٹ پروگرام (GSP) فراہم کرنے والا ایکسٹرنل کنسلٹنٹ استعمال کرے گا۔
- کنسلٹنٹ MCOT کے ساتھ اشتراکِ کار رکھے گا اور دوسری کمیونٹی آرگنائزیشنز، جوئے بازی کے خلاف مدد دینے والوں اور دوسری عملداریوں میں جوئے بازی کے خلاف سرکاری پروگراموں سے مشورہ لے گا۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل المدّت

> ***"جب ہمسائے نسل، زبان اور مذہب سے قطع نظر، ایک دوسرے کا خیال رکھتے ہوں۔"***
> *ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

## ہاؤسنگ

**اقدام 34: متعلقہ زبانوں میں تارکین وطن کو، اور تارک وطن مالکان مکان اور کرایہ داروں کو، کرایہ داری کے ضمن میں حقوق کے متعلق معلومات اور تربیت دی جائے۔**

کنزیومر بلڈنگ اینڈ آکوپیشنل سروسز (Consumer Building and Occupational Services, (CBOS):

- مؤثر طریقوں کے متعلق ایڈوائزری گروپ اور تارک وطن کمیونٹیوں سے مشورہ لیں گی؛
- صارفین کو رینٹل گائیڈ کی کاپیاں اور دوسری متعلقہ معلومات اضافی زبانوں میں فراہم کریں گی؛
- متبادل زبانوں میں فیس بک پوسٹس شیئر کریں گی؛
- متعلقہ سٹیک ہولڈرز مثلاً مائیگرینٹ ریسورس سنٹر تسمانیہ کو رینٹل گائیڈ فراہم کریں گی؛ اور
- ملٹی کلچرل کمیونٹی کے ساتھ منظّم فورمز/ایونٹس میں شریک ہوں گی۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت

**اقدام 35: تسمانیہ میں پناہ گزینوں اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آنے والوں کے لیے قیام کا بندوبست کیا جائے اور ہاؤسنگ سپّورٹ ورکرز فراہم کیے جائیں۔**

- Homes Tasmania تسمانیہ میں پناہ گزینوں اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آنے والوں کے لیے قیام اور مدد کی ضرورت کو مانیٹر کرنا اور اس پر نظرثانی کرنا جاری رکھے گا۔
- DPAC تسمانیہ بھر میں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر آنے والوں کے لیے سسٹینیبل (قابلِ بقا) کمیونٹی قیامگاہیں فراہم کرنے کے اقدامات کی ضرورت اور ڈیزائن پر غور کرنے کے لیے HomeStay پائلٹ پروگرام کے نتائج جانچے گا۔

**اقدامات کی مدت:** قلیل تا درمیانی مدّت



# مانیٹرنگ اور نتائج کا جائزہ

یہ اہم ہے کہ تسمانیئن گورنمنٹ ہماری تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف کمیونٹیوں کے متعلق مکمل اور واضح فہم رکھتی ہو۔ اس مقصد کے لیے تسمانیہ کے مختلف لوگوں اور کمیونٹیوں کے متعلق اور ان کی اچھی کیفیت اور خوشحالی جیسے صحت، تعلیم، روزگار، ہاؤسنگ اور دوسری اہم ضروریات، ممکن بنانے کے لیے پالیسیوں اور پروگراموں کے اثرات کے متعلق بامعنی معلومات حاصل کرنا ضروری ہے۔

اکٹھے کیے جانے والے ڈیٹا کا انٹرسیکشنل (بیک وقت مختلف خصوصیات کو مدنظر رکھنے والا) ہونا ضروری ہے تاکہ یہ سمجھا جا سکے کہ نسبی پس منظر، زبان کی استعداد اور سیٹلمنٹ سٹیٹس کے ساتھ ساتھ دوسری خصوصیات جیسے جنس، صنف، معذوری اور عمر لوگوں کے تجربات اور نتائج پر کیسے اثر ڈالتی ہیں۔

> ***"جب مختلف ملٹی کلچرل گروہوں کے لوگ تسمانیہ کے تمام حصوں میں جائیں اور خود کو محفوظ محسوس کریں۔"*** *ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک*

## اس پلان کی مانیٹرنگ اور رپورٹنگ

اس پلان کے اقدام 2 پر عملدرآمد میں DPAC تسمانیئن گورنمنٹ کی ایجنسیوں اور ایڈوائزری گروپ کے تعاون سے ڈیٹا کے حصول، اقدامات پر پیش رفت کی مانیٹرنگ اور پلان کے نتائج کا جائزہ لینے کے لیے ایک فریم ورک بنائے گا۔

DPAC ایڈوائزری گروپ کے تعاون سے ترجیحات پر نظر ثانی کرتے ہوئے یہ یقینی بنائے گا کہ اقدامات ملٹی کلچرل تسمانیئنز کی نئی ضروریات کے لیے متعلقہ رہیں۔

اقدامات اور نتائج کے حوالے سے پیش رفت کی ایک وقتی اور ایک فائنل رپورٹ تیار کی جائے گی۔



# نظم و نسق

## کمیونٹی کی رہنمائی میں نظم و نسق

DPAC کمیونٹیوں اور سٹیک ہولڈرز کے ساتھ کام کرتے ہوئے ایک منسٹیریل ملٹی کلچرل ایڈوائزری گروپ (ایڈوائزری گروپ) بنائے گا جو تسمانیئن کمیونٹی کے انسانی تنوّع کا عکاس ہو۔

سٹیٹ وائیڈ ایڈوائزری گروپ کا قیام DPAC کے اوّلین اقدامات میں سے ایک ہو گا جو کمیونٹی کے ساتھ ساتھ MCOT اور ان دوسری اہم تنظیموں کی مشاورت سے کام کرے گا جو ملٹی کلچرل کمیونٹی کے ساتھ قریبی طور پر کام کرتی ہیں اور ملٹی کلچرل ایکشن پلان ورکنگ گروپ کا حصہ رہی ہیں - یعنی WCS، MRC Tas، CDAT اور Citizen Tasmania۔

مقصود یہ ہے کہ ایڈوائزری گروپ ملٹی کلچرل امور سے تعلق رکھنے والی پالیسی، پروگراموں اور خدمات کے لیے مشورہ دے گا اور پلان پر عملدرآمد میں مدد دینے کے لیے اقدامات کی مانیٹرنگ کرے گا۔

## مسلسل مشاورت

تسمانیہ کی آبادی کی بدلتی ہوئی نوعیت کی وجہ سے یہ نہایت اہم ہے کہ تسمانیئن گورنمنٹ بہت سے مختلف طریقوں سے تسمانیئنز کے تجربات سے آگاہ رہے۔

تسمانیئن گورنمنٹ تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کو متاثر کرنے والی نئی ابھرتی ہوئی ضروریات کو سمجھنے کے لیے ایڈوائزری گروپ اور MCOT کے ساتھ کام کرے گی اور یہ بھی یقینی بنائے گی کہ پالیسیاں اور پروگرامز متعلقہ اور مختلف تہذیبوں کے لیے کشادہ رہیں اور شواہد کی بنیاد پر تشکیل دیے جائیں۔

اس طرح یقینی ہو گا کہ پوری تسمانیئن کمیونٹی سے ملنے والے بہت سے مختلف اظہار تسمانیئن گورنمنٹ کو ترجیحات کے لیے رہنمائی دیتے رہیں اور ان کی روشنی میں ترجیحات طے کی جائیں۔

*”یہ ایک زبرست جگہ ہے اور ہمیں یہ یقینی بنانا ہو گا کہ یہ ایک زبردست جگہ ہی رہے جہاں پلنے بڑھنے والے بچوں کو نہ تو خوف ہو اور نہ ہی خاص مراعات حاصل ہوں۔“* ملٹی کلچرل ایکشن پلان کے لیے کنسلٹیشنز کا ایک شریک

# اہداف کے مطابق حکمت عملی

## عالمی سطح پر

یہ پلان نسلی *امتیاز کی تمام صورتوں کے خاتمے کے لیے انٹرنیشنل کنونشن (International Convention on the Elimination of All Forms of Racial Discrimination)* سے ہم آہنگ ہے جو 'نسلی تعصّب کی تمام صورتوں اور اظہاروں کے جلد خاتمے کی ضرورت اور بین النسلی افہام و تفہیم بڑھانے اور نسلی تقسیم اور نسلی امتیاز کی تمام صورتوں سے پاک بین الاقوامی معاشرے کی تعمیر کی خاطر نسل پرستانہ نظریات اور اطوار کے سدّباب اور مقابلے کی ضرورت واضح کرتا ہے'۔[26]

## ملکی سطح پر اور تسمانیہ سٹیٹ میں

یہ پلان مندرجہ ذیل آسٹریلین اور تسمانیئن پالیسیوں اور حکمت عملیوں سے ہم آہنگ ہے جو آسٹریلیا کے ملٹی کلچرل معاشرے کے لیے حمایت اور یگانگت سے تعلق رکھتی ہیں۔

- *کلوزنگ دی گیپ (فرق مٹانے کا) نیشنل ایگریمنٹ 2020* اور تسمانیئن امپلیمینٹیشن پلان (عملدرآمد کے لیے منصوبہ)۔
- *ملٹی کلچرل آسٹریلیا: متحدّ، مضبوط، کامیاب (Multicultural Australia: United, Strong, Successful)* آسٹریلیا کا ملٹی کلچرل سٹیٹمنٹ۔
- آسٹریلیا میں انسانی حقوق کے کمیشن کا *نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک*۔
- نیشنل ملٹی کلچرل فریم ورک ریویو، *انصاف کی طرف گامزن: سب کے لیے ایک ملٹی کلچرل آسٹریلیا*۔
- *نیشنل سیٹلمنٹ فریم ورک (National Settlement Framework)*، جو حکومت کی تین سطحوں کے پارٹنرشپ میں کام کرنے کا بلیو پرنٹ پیش کرتا ہے حس سے تارکین وطن اور آسٹریلیا میں نئے آنے والوں کی آبادکاری کے لیے خدمات کی مؤثر منصوبہ بندی اور فراہمی میں مدد ملتی ہے۔
- آسٹریلین گورنمنٹ کا سماجی یگانگت کا فریم ورک (تشکیل کے مراحل میں)
- آسٹریلین گورنمنٹ کی *زبان کی خدمات کے لیے رہنما ہدایات: محدود انگلش رکھنے والوں کے لیے رسائی اور برابری و انصاف میں مدد (Language Services Guidelines: Supporting access and equity for people with limited English)* اور تسمانیئن گورنمنٹ کی زبان کی خدمات کے لیے رہنما ہدایات (تشکیل کے مراحل میں)۔
- آسٹریلین گورنمنٹ کے ڈیپارٹمنٹس اور ایجنسیوں کے لیے آسٹریلین گورنمنٹ کی *ملٹی کلچرل رسائی اور برابری و انصاف کی پالیسی گائیڈ (Multicultural Access and Equity Policy Guide)*۔
- تسمانیئن گورنمنٹ کے انسانی تنوّع اور سب کو شامل کرنے کے فریم ورکس، حکمت عملیاں اور پالیسیاں۔

## لوکل گورنمنٹ

تسمانیئن لوکل گورنمنٹ کی ملٹی کلچرل حکمت عملیوں اور پلانز کے ساتھ ہم آہنگی بھی موجود ہے بشمول ان کے جو Welcoming Cities Networks اور Refugee Welcome Zones کی حمایت میں ہیں:

- Hobart سٹی کاؤنسل کی *ملٹی کلچرل کمٹمنٹ 2021-2023 (Multicultural Commitment 2021-2023)*۔
- Glenorchy سٹی کاؤنسل کا *ملٹی کلچرل کمیونٹی سپیسز پلان (Multicultural Community Spaces Plan)*۔
- Kingborough کاؤنسل کا *ملٹی کلچرل ایکشن پلان (Multicultural Action Plan)*۔



## Intersectionality، انٹرسیکشنلٹی یعنی بیک وقت مختلف خصوصیات کو مدنظر رکھنا

اس پلان میں ان ترجیحات پر کام کرنے کو اہمیت دی جا رہی ہے جن کی نشاندہی تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز نے اپنی اچھی زندگی میں مدد کے لیے کی ہے۔ تاہم تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کی ذاتی اور خاندانی شناختوں کے دوسرے عناصر کے سبب بہت سی مختلف سٹریٹجک پالیسیاں اور اقدامات ان کی زندگیوں اور مستقبل کو متاثر کرتے ہیں۔ انٹرسیکشنل حکمت عملیوں میں، جن کا مقصد تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کی زندگیوں کو بہتر بنانا اور مسائل حل کرنا ہے، یہ شامل ہیں:

- *ورکنگ فار ویمن: صنفی برابری کی حکمت عملی اور 'برابر کا مطلب ہے برابر': تسمانیئن ویمنز سٹریٹجی 2027-2022 (Working for Women: A Strategy for Gender Equality and Equal Means Equal: Tasmanian Women's Strategy 2022-2027)۔*
- *آسٹریلیا کی معذوری کے لیے حکمت عملی 2021 - 2031 (Australia's Disability Strategy 2021-2031)* اور تسمانیہ کی معذوری کے لیے حکمت عملی (تشکیل کے مراحل میں)۔
- *تسمانیئن کیئررز کی مدد: تسمانیئن کیئرر ایکشن پلان 2021 - 25 (Supporting Tasmanian Carers: Tasmanian Carer Action Plan 2021-25)* اور *نیشنل کیئررز سٹریٹجی 2024-2034 (National Carer Strategy 2024-2034)۔*
- *احترام کا حامل، بزرگوں کا خیرمقدم کرنے والا جزیرہ: تسمانیہ کا بزرگ تسمانیئنز کے لیے ایکشن پلان 2029-2025 (A Respectful, Age-Friendly Island: Tasmania's Older Tasmanians Action Plan 2025-2029)۔*
- تسمانیہ کا LGBTIQA+ فریم ورک اور ایکشن پلان (تشکیل کے مراحل میں)۔

## اہداف کے مطابق حکمت عملی، وسیع تناظر میں

تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز کو خدمات کے صارفین اور معاشرے کے افراد کے طور پر براہ راست متاثر کرنے والی دوسری حکمت عملیوں اور اصلاحات میں یہ شامل ہیں:

- **پاپولیشن پلاننگ:** 'تسمانیہ کی پاپولیشن پالیسی: ہمارے مستقبل کی منصوبہ بندی' مائیگریشن کی وجہ سے تسمانیہ کی آبادی میں تبدیلی سے تعلق رکھتی ہے۔
- **ایجڈ کیئر:** آسٹریلین گورنمنٹ کا ایجڈ کیئر ریفارم روڈ میپ 2025-2022 (Aged Care Reform Road Map 2022-2025)
- **معمّر افراد کے ساتھ بدسلوکی کی روک تھام اور اس پر اقدامات:** *معمّر آسٹریلینز کے ساتھ بدسلوکی کے خلاف اقدامات کا نیشنل پلان 2023-2019 (National Plan to Respond to the Abuse of Older Australians 2019-2023)* اور معمّر افراد کے ساتھ بدسلوکی اور خراب برتاؤ کے خاتمے کے لیے نیشنل پلان (تشکیل کے مراحل میں)، *عمر بھر احترام: معمّر افراد کے ساتھ بدسلوکی کے خاتمے کے لیے تسمانیہ کی حکمت عملی 2029-2023 (Lifelong Respect: Tasmania's strategy to end the abuse of older people (Elder Abuse) 2023-2029)*۔
- **عمر بھر تحصیل علم اور معاشی شرکت:** 26TEN Tasmania: بالغوں میں خواندگی اور حساب کی قابلیت کے لیے تسمانیہ کی حکمت عملی 2016 - 2025، سابقہ فوجیوں کے روزگار کے لیے تسمانیہ کی حکمت عملی 2023 - 2027 (Tasmanian Veterans Employment Strategy 2023-2027) اور تسمانیئن گورنمنٹ کی ڈیجیٹل شعبے میں سب کی شمولیت کے لیے حکمت عملی (تشکیل کے مراحل میں)۔
- **تعلیم: فیوچر ریڈی:** نیشنل کیریئر ایجوکیشن سٹریٹجی (Future Ready: National Career Education Strategy)، نیشنل سکول ریفارم ایگریمنٹ (National School Reform Agreement) اور *وابستگی، حال اور مستقبل - آسٹریلیا کے لیے چھوٹے بچوں کی تعلیم کا فریم ورک (Belonging, Being and Becoming – The Early Years Learning Framework for Australia)*۔
- **بچوں کی نشوونما، نوعمر افراد اور گھرانوں کے لیے مدد:** *تسمانیہ میں بچوں اور نوعمر افراد کی اچھی کیفیت کے لیے حکمت عملی: پرورش میں پورے تسمانیئن گاؤں کا کردار(Tasmania's Child and Youth Wellbeing Strategy: It Takes a Tasmanian Village)* اور *بچوں کی ذہنی صحت اور اچھی کیفیت کے لیے قومی حکمت عملی (National Children's Mental Health and Wellbeing Strategy)*۔
- **صحت اور اچھی کیفیت:** تسمانیہ میں نظامِ صحت کے لیے طویل المدت پلان 2040 (Healthy Tasmania Five-Year Strategic Plan 2022-2026)، *صحتمند تسمانیہ پانچ سالہ سٹریٹیجک پلان 2026-2022 (Healthy Tasmania Five-Year Strategic Plan 2022-2026)*، *صحتمند اور ورزشی تسمانیہ: ڈسکشن پیپر: روک تھام کے مقصد سے صحت کی بیس سالہ حکمت عملی 2026-2046 (Healthy Active Tasmania: Discussion Paper: 20-Year Preventative Health Strategy 2026-2046)*، *ری تھنک 2020: عملدرآمد کا پلان 2023-2024 (Rethink 2020: Implementation Plan 2023-2024)* اور *ہیلتھ لٹریسی ایکشن پلان 2019-2024 (Health Literacy Action Plan 2019-2024)*.
- **ہاؤسنگ، اور اخراجاتِ زندگی اور ٹرانسپورٹ:** *خوراک کی امداد سے لے کر خوراک کی کافی سپلائی تک: تسمانیئن فوڈ سیکیورٹی سٹریٹجی 2021-2024 اور ایکشن پلان 2023-2025 (Food Relief to Food Resilience: Tasmanian Food Security Strategy 2021-2024 and Action Plan 2023-2025)*، اور *تسمانیئن ہاؤسنگ سٹریٹجی 2023-2043 اور ایکشن پلان 2023-27 (Tasmanian Housing Strategy 2023-2043 and Action Plan 2023-27)*۔

# اپینڈکس 1: اہم الفاظ و اصطلاحات

آسٹریلین گورنمنٹ کا نیشنل ملٹی کلچرل فریم ورک ریویو واضح کرتا ہے کہ ملٹی کلچرل ازم اور تہذیبی تنوّع کے سلسلے میں اصطلاحات متنازع ہیں۔

ایک مشترکہ فہم پیدا کرنے کی خاطر پلان میں مندرجہ ذیل اصطلاحات استعمال کی گئی ہیں۔ ان کی بنیاد آسٹریلین گورنمنٹ کے *انصاف کی طرف گامزن: سب کے لیے ایک ملٹی کلچرل آسٹریلیا* اور آسٹریلیا میں انسانی حقوق کے کمیشن کے *نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک: آسٹریلیا میں نسلی تعصّب کے خاتمے کے روڈ میپ* میں استعمال ہونے والی اصطلاحات پر ہے۔

تاہم اس پلان کی مدت میں تسمانیئن گورنمنٹ کمیونٹیوں کے مشورے سے تسمانیہ میں تہذیبی اور لسانی تنوّع کے متعلق مشترکہ اصطلاحات کا سیٹ تیار کرے گی۔

| اصطلاح | معنی |
|---|---|
| **Anti-racism، اینٹی ریسزم** | اینٹی ریسزم کا مطلب محض ’نسل پرست نہ ہونا‘ سے بڑھ کر ہے۔ اینٹی ریسزم کا تعلق ایسے فعال فیصلے کرنے سے ہے جن کا مقصد ناانصافی کا مقابلہ کرنا اور سب نسلوں کے ساتھ انصاف کو فروغ دینا ہے۔ اینٹی ریسسٹ ہونے کا تعلق نسل پرست پالیسیوں، طور طریقوں، تہذیبوں اور نظریات کے خلاف فعال کوششیں کرنے سے ہے۔ اینٹی ریسزم کو ایسی صلاحیتوں کی طرح سمجھنا اچھا ہو سکتا ہے جو ہم ایک بہتر، زیادہ منصفانہ معاشرہ بنانے کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔[27] |
| **Culture، تہذیب** | تہذیب سے مراد ایک انسان کا عقائد، اخلاقیات، قوانین، رواجوں اور روایات کے ساتھ بدل سکنے والا تعلق ہے۔ |
| **Culturally and linguistically diverse Tasmanians، تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف تسمانیئنز** | وہ گروہ اور افراد جو مذہب، زبان اور نسل کے لحاظ سے مختلف ہیں اور جن کا حسب نسب ایبوریجنل یا ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر، اینگلو سیکسن یا اینگلو کیلٹک کے علاوہ کوئی اور ہے۔[28] |
| **Cultural awareness، تہذیبی شعور** | یہ فہم کہ فرق موجود ہیں اور یہ کہ لوگوں کی زندگی کے جذباتی، سماجی، معاشی اور سیاسی سیاق و سباق کی طرح تہذیب بھی ان کی صحت اور خدمات تک رسائی پر اثر کرتی ہے۔[29] |
| **Culturally inclusive، سب تہذیبوں کو شامل کرنا** | مختلف تہذیبوں سے تعلق رکھنے والے افراد سے واسطے اور ان کی حمایت کا عمل اور ایک خاص ماحول میں ان کے منفرد نقطۂ نظر اور خدمات کی قدر کرنا۔ |

| | |
|---|---|
| **Culturally responsive، مختلف تہذیبوں کے لیے کشادہ ذہنی** | نئے خیالات کے لیے کھلا ذہن رکھنا جو شاید آپ کے اپنے خیالات، عقائد اور تہذیبی اقدار سے متصادم ہوں، اور ان تہذیبی اختلافات کو برابر سمجھنے کے قابل ہونا ہے۔ ہر کسی کے پس منظر، عقائد، اقدار، رواجوں، علم، طرز زندگی اور سماجی طرز عمل کا احترام کرنا۔ |
| **Cultural safety، کلچرل سیفٹی** | نسلی تعصّب کے مخالف ماحول تخلیق کرنے کا طریقہ جو انڈیجینس عملے اور اپنی زندگی میں کام پر نسلی تعصّب کا تجربہ رکھنے والے دوسرے عملے کو مدد دینے کے ساتھ ساتھ تہذیبی لحاظ سے موزوں، محفوظ خدمات بھی دے۔<br><br>یہ متاثر ہونے والے لوگوں کو بتانا چاہیے کہ ایک مخصوص ماحول میں کلچرل سیفٹی کا اظہار کیسے ہو سکتا ہے۔[30] |
| **Cultural sensitivity، تہذیبی لحاظ سے حسّاس ہونا** | مختلف ہونے کو درست قبول کرنا اور خود اپنی تہذیب، اپنی زندگی کے تجربات اور حقیقتوں کے اپنے جھکاؤ، رجحانات، مفروضوں، سٹیریوٹائپس اور تعصّبات پر اثرات کو بہتر طور پر سمجھ پانے کے لیے خود پر غور کرنا اور سوچنا، اور یہ سمجھنا کہ ان سے ’صحت کی خدمات میں طاقت کے شعوری یا غیر شعوری استعمال‘ سے کچھ مریضوں کی صحت کی دیکھ بھال کا معیار کیسے گر سکتا ہے۔ |
| **Discrimination، امتیازی سلوک** | بلاواسطہ امتیازی سلوک اسے کہتے ہیں کہ کسی فرد یا گروہ کے ساتھ اس کے پس منظر یا بعض ذاتی خصوصیات کی وجہ سے غیر منصفانہ سلوک کیا جائے۔[31]<br><br>بالواسطہ امتیازی سلوک اسے کہتے ہیں کہ ایک اصول یا پالیسی جسے سب لوگوں کے لیے برابر لاگو کیا جا رہا ہو، ایک خاصیّت رکھنے والے کچھ افراد کو دوسروں کی نسبت زیادہ متاثر کرے۔ |
| **Equity، برابری و انصاف** | ایسی پالیسیاں، پروگرامز اور خدمات تشکیل دینا جو تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف آسٹریلینز کو باقی آسٹریلینز کے برابر نتائج دلائیں۔ |
| **Ethnicity، نسل یا قومیت** | ایک شخص کی ایک نیشنلٹی، نسب، تہذیبی روایت، مذہبی عقائد، جغرافیے، زبان، بائیولوجیکل اوصاف اور/یا مذہب سے وابستگی کی وجہ سے مستقل شناخت۔[32] |
| **Intersectionality، انٹرسیکشنلٹی یعنی بیک وقت مختلف خصوصیات کو مدنظر رکھنا** | انٹرسیکشنلٹی سے پتہ چلتا ہے کہ ایک شخص کی شناخت اور تجربات کے مختلف حصے کیسے ایک دوسرے کو متاثر کرتے ہیں اور ’ایک نقطے پر ملتے ہیں‘۔ اس طرح یہ ایک انسان کے تمام سسٹم میں اور سٹرکچرل (بنیادی و ہمہ گیر) عدم مساوات کے تجربے کی وضاحت کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر ایک شخص کے ساتھ ایک قسم کا امتیازی سلوک جیسے سیکس ازم روا رکھا جائے، تو اس کی وجہ اس کی شناخت کے دوسرے پہلو بھی ہو سکتے ہیں۔ اس میں اس کی نسل، جنسی رجحان، صنفی شناخت، عمر، سماجی و معاشی حیثیت اور معذوری شامل ہو سکتی ہے۔ نسلی تعصّب کے خلاف اقدامات میں انٹرسیکشنلٹی کو ہمیشہ نسل کو اور ظلم کی دوسری صورتوں پر نسل کے اثرات کو مدّنظر رکھنا چاہیے۔[33] |
| **Preferred language، ترجیحی زبان** | وہ زبان جو ایک شخص گھر میں بولنا پسند کرتا ہو۔ |

| | |
|---|---|
| **Race، نسل** | تاریخ میں نسل کا تصوّر قدرے نیا ہے جو یورپ میں سولھویں اور سترہویں صدی میں ابھرا۔ اس کی بنیاد غلط ثابت ہونے والے اس خیال پر ہے کہ انسانوں کی جسمانی اور سماجی خصوصیات کے سبب انہیں واضح طور پر الگ الگ بائیولوجیکل نسلوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ نسل کی کوئی بائیولوجیکل یا سائنسی بنیاد نہیں ہے، نسل اور اس کے اثرات پر سوچنا پھر بھی لازمی ہے کیونکہ ہمارے بہت سے قوانین، تہذیبیں اور معاشرے اب بھی نسل اور نسل پرستی کے تصوّرات پر قائم ہیں۔ اس کے سبب قوانین، تہذیبیں اور نظام ان گروہوں کے ساتھ مراعاتی سلوک کرتے رہے ہیں جنھیں سفید فام نسل قرار دیا جاتا ہے، اور ایسی ہمہ گیر اونچ نیچ پیدا ہوئی ہے جو آج بھی جاری ہے۔[34] |
| **Racialisation، نسلوں میں بانٹنا** | نسلوں میں بانٹنے سے مراد یہ عمل ہے کہ لوگوں کے ساتھ ایسے پیش آیا جائے جیسے وہ واضح طور پر الگ نسلی گروہوں سے تعلق رکھتے ہیں اور لوگ خود بھی یہی سمجھتے ہوں۔<br><br>چونکہ ریس یا نسل ایک سماجی تصوّر ہے، ’ریشلائزیشن‘ یہ سمجھنے میں مدد دیتی ہے کہ نسل معاشرے کو کیسے ڈھالتی ہے۔<br><br>تمام لوگوں کی ریشلائزیشن کی جاتی ہے، سفید فاموں کی بھی۔ ریشلائزیشن سے لوگوں کے گروہوں کے درمیان طاقت کا فرق پیدا ہوتا ہے اور کچھ کمیونٹیوں کا استحصال کر کے کچھ دوسری کمیونٹیوں کو فائدہ پہنچایا جاتا ہے۔<br><br>’منفی ریشلائزیشن‘ اسے کہتے ہیں جب ریشلائزیشن کی وجہ سے گروہوں کو نقصان پیش آئے۔ جب گروہوں کی ’منفی ریشلائزیشن‘ کی جائے تو انہیں اس طرح ریشلائز کیا جا رہا ہوتا ہے کہ وہ سٹرکچرل (بنیادی و ہمہ گیر) امتیازی سلوک کا نشانہ بنیں۔[35] |
| **Racism، نسلی تعصّب** | Systemic racism، ہمہ گیر نسلی تعصّب<br><br>Systemic racism سے مراد معاشرے یا ادارے کے تہذیبی معیاروں، قوانین، نظریات، پالیسیوں اور معمولات کے نتیجے میں غیر منصفانہ برتاؤ اور نتائج واقع ہونا ہے۔ Systemic racism کا تعلق پورے سسٹمز سے ہوتا ہے جیسے قانونی نظام، نظامِ صحت اور نظامِ انصاف، اور وہ دوسرے مختلف ادارے اور سٹرکچرز جو ان کے کام میں معاون ہیں۔ Systemic racism تب بھی واقع ہو سکتا ہے کہ کوئی خاص قوانین، پالیسیاں یا معمولات اسے جاری نہ رکھے ہوئے ہوں کیونکہ ان معیاروں، قوانین، پالیسیوں اور معمولات کے ختم ہو جانے کے بعد بھی طویل عرصہ ان کے اثرات نظاموں میں باقی رہتے ہیں۔ اداروں میں نسلی تعصّب اور سٹرکچرل ریسزم systemic racism کی صورتیں ہیں۔<br><br>Institutional racism، اداروں میں نسلی تعصّب<br><br>اداروں میں نسلی تعصّب کا systemic racism سے قریبی تعلق ہے۔ یہ تب پایا جاتا ہے جب کسی آرگنائزیشن یا ادارے میں نسلی تعصّب کو نارمل بنا دیا گیا ہو۔ اس میں آرگنائزیشن یا ادارے کو چلانے کے لیے رہنمائی دینے والی پالیسیاں اور معمولات شامل ہیں۔ سٹرکچرل ریسزم سے مراد وہ اونچ نیچ اور رکاوٹیں ہیں جو سب لوگوں کے لیے مواقع تک برابر رسائی میں حائل ہوں۔ یہ معاشرے کے سٹرکچرز میں بہت گہرا بیٹھا ہوا نسلی تعصّب ہے۔ ان سٹرکچرز میں قوانین، پالیسیاں اور تہذیبی معیار شامل ہیں۔ اگرچہ systemic racism، اداروں میں نسلی تعصّب اور سٹرکچرل ریسزم کی اصطلاحات الگ الگ ہیں، انہیں اکثر ایک جیسے حالات کو بیان کرنے کے لیے اور کبھی کبھار ایک دوسری کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| | Interpersonal racism، افراد کے بیچ نسلی تعصّب<br><br>افراد کے بیچ نسلی تعصّب سے مراد وہ نسلی تعصّب ہے جو روزمرّہ واسطوں میں ظاہر ہوتا ہے۔ یہ افراد یا گروہوں کے درمیان ظاہر ہو سکتا ہے اور زیادہ تر لوگ اسی کو نسلی تعصّب کے طور پر پہچانتے ہیں۔ اس کی کئی صورتیں ہو سکتی ہیں جیسے بدزبانی، ہراسمنٹ (تنگ کرنا)، کسی کو الگ رکھنا یا کسی کی تذلیل کرنا۔ افراد کے بیچ نسلی تعصّب کا اظہار عام سے انداز میں تبصرے کر دینے یا لطیفوں کے ذریعے بھی ہو سکتا ہے۔ کچھ لوگ اس قسم کے نسلی تعصّب کو 'روزمرّہ نسلی تعصّب' کہتے ہیں کیونکہ اس سے پتہ چلتا ہے کہ پورے نظاموں کی سطح پر نسلی عدم برابری لوگوں کے بیچ کیسے ظاہر ہوتی ہے۔ افراد کے بیچ نسلی تعصّب ہمیشہ ایک مخصوص شخص کے خلاف نہیں ہوتا اور ممکن ہے کہ اس کا مقصد دکھ پہنچانا یا برا محسوس کروانا نہ ہو۔ تاہم مقصد یا نیت کے نہ ہونے سے نسلی تعصّب کے منفی اثرات کم نہیں ہو جاتے۔[36] |
| **Settlement status، سیٹلمنٹ کے حوالے سے حیثیت** | ویزے کے حوالے سے ایک شخص کی حیثیت۔ |
| **Social cohesion، سماجی یگانگت** | سماجی یگانگت کی کوئی متفقہ تعریف موجود نہیں ہے۔<br><br>یہ پلان Scanlon Institute کی تعریف کو ملحوظ رکھتا ہے: معاشرے کے ارکان کی جینے اور پھلنے پھولنے کی خاطر باہمی تعاون کے لیے آمادگی۔[37] |
| **Trauma-informed، دوسروں کے دکھ کی آگہی اور احساس ہونا** | اس پلان کے سلسلے میں، دوسروں کے دکھ کی آگہی اور احساس کے نقطۂ نظر سے مراد نسلی تعصّب اور نسلی امتیاز کے انٹرسیکشنل اثرات کو پہچاننا اور یہ یقینی بنانا ہے کہ نسلی تعصّب سے دوچار ہونے والے لوگ اپنے تجربات کے متعلق اس طرح بتا سکیں کہ یہ محفوظ ہو اور ان کے تجربات کا احساس کیا جا رہا ہو۔[38] |
| **Unconscious bias، غیر شعوری تعصّب** | لوگوں کے بعض گروہوں کے متعلق سوشل سٹیریوٹائپس جو افراد اپنے شعوری علم سے ہٹ کر قائم کر لیتے ہیں۔[39]<br><br>غیر شعوری تعصّب لوگوں کے خیالات اور کاموں کو متاثر کر سکتا ہے جس سے ایک فیصلہ کرنے والے شخص کو احساس ہوئے بغیر اس کے فیصلوں سے غیرمنصفانہ فوائد یا نقصانات ہو سکتے ہیں۔[40] |

# اختتامی نوٹس

1. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس، *2016 اور 2021 کی مردم شماری کا ڈیٹا۔*
2. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس *2016 اور 2021 میں آبادی اور ہاؤسنگ کی مردم شماری (Census of Population and Housing 2016 and 2021)*۔ نسب - افراد کی تعداد کے لحاظ سے ترتیب وار (اینگلوسیکسن، اینگلو کیلٹک اور ایبوریجنل شناختوں کے علاوہ)۔ id (informed decisions), DSG. کے مرتّبہ اور پیش کردہ
3. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس، *2016 اور 2021 کی مردم شماری کا ڈیٹا۔*
4. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس، *2016 اور 2021 کی مردم شماری کا ڈیٹا۔*
5. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس *2016 اور 2021 میں آبادی اور ہاؤسنگ کی مردم شماری*۔ جائے پیدائش - افراد کی تعداد کے لحاظ سے ترتیب وار (اینگلوسیکشن، اینگلو کیلٹک اور ایبوریجنل شناختوں کے علاوہ۔ id (informed decisions)، DSG. کے مرتّبہ اور پیش کردہ.
6. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس *2016 اور 2021 میں آبادی اور ہاؤسنگ کی مردم شماری*۔ دوسرے ممالک سے تسمانیہ آنے والے۔ id (informed decisions), DSG. کے مرتّبہ اور پیش کردہ
7. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس، *2016 اور 2021 کی مردم شماری کا ڈیٹا۔*
8. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس *2021 میں آسٹریلیا میں مستقل تارکین وطن (Permanent migrants to Australia in 2021)* مارچ 2023 میں جاری کردہ۔
9. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس *2021 میں آسٹریلیا میں عارضی ویزے رکھنے والے افراد (Temporary visa holders in Australia in 2021)* اپریل 2023 میں جاری کردہ۔ نوٹ: بعض ویزا سب کیٹیگریز 2016 اور 2021 کے درمیان بدلی تھیں۔
10. ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز، آسٹریلین گورنمنٹ، *ماہانہ SOSOG رپورٹس - ہیومینیٹرین سیٹلمنٹ پروگرام کے تحت آمد کا خلاصہ- تسمانیہ (Monthly SOSOG Reports – Summary of Arrivals of Entrants in Humanitarian Settlement Program – Tasmania)*۔
11. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس، *2016 اور 2021 کی مردم شماری کا ڈیٹا۔*
12. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس *2016 اور 2021 میں آبادی اور ہاؤسنگ کی مردم شماری*، گھر میں بولی جانے والی زبان - لوگوں کی تعداد کے لحاظ سے۔ id (informed decisions), DSG. کے مرتّبہ اور پیش کردہ۔
13. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس *2016 اور 2021 میں آبادی اور ہاؤسنگ کی مردم شماری*، انگلش کے علاوہ کوئی اور زبان۔ id (informed decisions), DSG. کے مرتّبہ اور پیش کردہ۔
14. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس *2016 اور 2021 میں آبادی اور ہاؤسنگ کی مردم شماری*، انگلش کی استعداد۔ id (informed decisions), DSG. کے مرتّبہ اور پیش کردہ۔
15. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس *2016 اور 2021 میں آبادی اور ہاؤسنگ کی مردم شماری*، مذہب - لوگوں کی تعداد کے لحاظ سے id (informed decisions), DSG. کے مرتّبہ اور پیش کردہ۔
16. عالمی ادارۂ صحت (2024) *صحت طے کرنے والے عوامل (Determinants of health)*۔

17. آسٹریلین انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ اینڈ ویلفیئر، آسٹریلین گورنمنٹ، *(آسٹریلیا میں تہذیبی اور لسانی لحاظ سے مختلف لوگوں میں صحت طے کرنے والے سماجی عوامل (Social determinants of health among culturally and linguistically diverse people in Australia)*، ویب رپورٹ - 14 مئی 2024۔

18. Watego, C., Singh, D., and Macoun, A. (2021)، *صحت میں انصاف کے لیے پارٹنرشپ: نسل، نسلی تعصّب اور آسٹریلین نظام صحت پر تحقیق کی حدود طے کرنے والا مقالہ (Partnership for Justice in Health: Scoping Paper on Race, Racism and the Australian Health System).*
Muralidharan, P., Hosseini, Y اور Arashiro، Z (2024)۔ *ایک اینٹی ریسزم فریم ورک: ملٹی کلچرل آسٹریلیا کے تجربات اور نقاطِ نظر (An Anti-Racism Framework: Experiences and Perspectives of Multicultural Australia)۔ آسٹریلیا میں انسانی حقوق کے کمیشن کی ہدایت پر بنائی جانے والی نیشنل کمیونٹی کنسلٹیشنز کی رپورٹ۔* کینبرا، اے سی ٹی: فیڈریشن آف ایتھنک کمیونٹیز کاؤنسلز آف آسٹریلیا۔
آسٹریلیا میں انسانی حقوق کا کمیشن (2024)، *نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک: آسٹریلیا میں نسلی تعصّب کے خاتمے کا روڈمیپ۔ آسٹریلین گورنمنٹ، 2024، انصاف کی طرف گامزن: سب کے لیے ایک ملٹی کلچرل آسٹریلیا۔*

19. فیڈریشن آف ایتھنک کمیونٹیز کاؤنسلز آف آسٹریلیا (2020)، *اگر ہم اسے شمار میں نہ لائیں --- یہ شمار ہوتا ہی نہیں! تہذیبی، نسلی اور لسانی تنوّع پر قومی سطح پر ڈیٹا کے حصول اور رپورٹنگ کو یکساں بنانے کی طرف گامزن۔*

20. آسٹریلین گورنمنٹ، 2024، *انصاف کی طرف گامزن: سب کے لیے ایک ملٹی کلچرل آسٹریلیا۔*

21. O'Donnell, J., Guan, Q. and Prentice, T. (2024), *سماجی یگانگت کا جائزہ 2024*، Scanlon Institute, صفحہ 15۔

22. Muralidharan, P., Hosseini, Y. اور Arashiro, Z, (2024), ایک اینٹی ریسزم فریم ورک: ملٹی کلچرل آسٹریلیا کے تجربات اور نقاطِ نظر۔ *آسٹریلیا میں انسانی حقوق کے کمیشن کی ہدایت پر بنائی جانے والی نیشنل کمیونٹی کنسلٹیشنز کی رپورٹ۔* کینبرا، اے سی ٹی: فیڈریشن آف ایتھنک کمیونٹیز کاؤنسلز آف آسٹریلیا، صفحہ 4۔

23. O'Donnell, J., Guan, Q. and Prentice, T. (2024), *سماجی یگانگت کا جائزہ 2024* Scanlon Institute، صفحہ 7۔

24. O'Donnell, J., Guan, Q. and Prentice, T. (2024)، *سماجی یگانگت کا جائزہ 2024* Scanlon Institute، صفحہ 89۔

25. نیشنل ایکریڈیٹیشن اتھارٹی فار ٹرانسلیٹرز اینڈ انٹرپریٹرز (2023) *ملٹی کلچرل فریم ورک ریویو کے لیے سبمشن (Submission to the Multicultural Framework Review).*

26. اقوام متحدہ (1965) نسلی امتیاز کی تمام صورتوں کے خاتمے کے لیے انٹرنیشنل کنونشن، *جنرل اسمبلی کی قراراد 2106۔*

27. آسٹریلیا میں انسانی حقوق کا کمیشن (2024)، *نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک: آسٹریلیا میں نسلی تعصّب کے خاتمے کا روڈمیپ۔* صفحہ 36۔

28. آسٹریلین بیورو آف سٹیٹسٹکس *2016 کی مردم شماری کا ڈیٹا۔*

29. آسٹریلیا میں انسانی حقوق کا کمیشن (2024)، *نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک: آسٹریلیا میں نسلی تعصّب کے خاتمے کا روڈمیپ۔* صفحہ 28۔

30. آسٹریلیا میں انسانی حقوق کا کمیشن (2024)، *نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک: آسٹریلیا میں نسلی تعصّب کے خاتمے کا روڈمیپ۔* صفحہ 28۔

31. آسٹریلین گورنمنٹ، 2024، *انصاف کی طرف گامزن: سب کے لیے ایک ملٹی کلچرل آسٹریلیا*، صفحہ 24۔

32. آسٹریلین گورنمنٹ (2018)، *آسٹریلین گورنمنٹ کے ڈیپارٹمنٹس اور ایجنسیوں کے لیے ملٹی کلچرل رسائی اور برابری و انصاف کی پالیسی گائیڈ*۔

33. آسٹریلیا میں انسانی حقوق کا کمیشن (2024)، *نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک: آسٹریلیا میں نسلی تعصّب کے خاتمے کا روڈمیپ*۔ صفحہ 37۔

34. آسٹریلیا میں انسانی حقوق کا کمیشن (2024)، *نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک: آسٹریلیا میں نسلی تعصّب کے خاتمے کا روڈمیپ*۔ صفحہ 37۔

35. آسٹریلیا میں انسانی حقوق کا کمیشن (2024)، *نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک: آسٹریلیا میں نسلی تعصّب کے خاتمے کا روڈمیپ*۔ صفحہ 37۔

36. آسٹریلیا میں انسانی حقوق کا کمیشن (2024)، *نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک: آسٹریلیا میں نسلی تعصّب کے خاتمے کا روڈمیپ*۔ صفحہ 37۔

37. Scanlon Foundation Research Institute، سماجی یگانگت سے کیا مراد ہے؟ (What is Social Cohesion?)

38. آسٹریلیا میں انسانی حقوق کا کمیشن (2024)، *نیشنل اینٹی ریسزم فریم ورک: آسٹریلیا میں نسلی تعصّب کے خاتمے کا روڈمیپ*۔ صفحہ 38۔

39. آسٹریلین ریڈ کراس *غیر شعوری تعصّب کے متعلق سیکھیں*۔

40. Monash University، *غیر شعوری تعصّب*.

Tasmanian Government